عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 7 نومبر 2026ء/ 26 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 220

بلوچستان میں امن کا قیام ہر شہری کی ذمہ داری ہے، جسٹس جمال مندوخیل

بلوچستان کی موجودہ بدامنی کی بنیادی وجوہات پر غور کرنا ہوگا آج ہمیں کوئٹہ جاتے ہوئے احتیاط کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے جبکہ ایک وقت تھا جب وہ بغیر کسی محافظ کے کہیں بھی چلے جاتے تھے

صوبے میں امن ہوگا تو تجارت اور کاروبار بھی ترقی کریں گے صوبے میں امن کی بحالی کے لئے سب کو مل بیٹھ کر غور کرنا ہوگا، سپریم کورٹ کے جج کا بلوچستان بار کونسل کے عشائیے سے خطاب

ژوب (جی این ایم) سپریم کورٹ آف پاکستان کے فاضل جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے بلوچستان میں امن وامان کی بگاڑ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے موجودہ حالات دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے اور امن کی کامل بحالی کے لیے تمام فریقین کو مل بیٹھ کر حل نکالنا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ژوب میں بلوچستان بار کونسل کے زیر اہتمام دیے گئے ایک پروقار عشائیے سے (باقی صفحہ 2 نمبر4)

مرتضی وہاب جعلی اور قبضہ میئر ہیں، پیپلز پارٹی کا پورا نظام ایک فراڈ ہے، حافظ نعیم

ہمارے دوست ہمارے کاموں سے ہریشان ہیں اور روزانہ پوچھ رہے ہیں کہ کام کیسے کر رہے ہو، امیر جماعت اسلامی

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے میئر مرتضی وہاب جعلی اور قبضہ میئر ہیں، پیپلز پارٹی کا پورا نظام ایک فراڈ نظام ہے۔ کراچی کے علاقے ناظم آباد میں سرکاری اسکول کی (باقی صفحہ 2 نمبر3)

ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ، اقرار الحسن پر فرد جرم کیلئے 20 نومبر کی تاریخ مقرر

عدالت نے ملزم کو مقدمے کی نقول فراہم کر دیں، آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

کراچی (جی این ایم) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت نے اینکر اقرار الحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کے مقدمے میں فرد جرم عائد کرنے کیلئے 20 نومبر کی تاریخ مقرر کر دی۔ سماعت کے (باقی صفحہ 2 نمبر2)

پاکستان اور تاجک افواج کی مشترکہ انسدادِ دہشتگردی مشق دوستی سوئم کامیابی سے مکمل

مشق میں انسدادِ دہشتگردی کے تجربات اور بہترین عملی طریقہ کار کا تبادلہ کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (جی این ایم) پاکستان اور تاجکستان کی افواج کی مشترکہ انسدادِ (باقی صفحہ 2 نمبر1)

کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، صدر

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ جموں وکشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے، شہدائے جموں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا

نومبر 1947 میں جموں میں بے گناہ شہید کشمیری مسلمانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، یوم شہدائے جموں کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیگا۔ صدر مملکت نے یوم شہدائے جموں کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر7)


سپریم کورٹ کوئٹہ برانچ رجسٹری کے اسٹاف کی جانب سے سپریم کورٹ کے سینئر جج جناب جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں الوداعی پارٹی کے موقع پر گروپ فوٹو

آصف زرداری صدر اور یوسف رضا گیلانی فارم 47 سے چیئرمین سینیٹ بنے: اسد عمر

جس طریقے سے یہ فیصلے کر رہے ہیں اس طرح پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں آئے گی

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ آصف زرداری صدر اور یوسف رضا گیلانی فارم 47 سے چیئرمین سینیٹ بنے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کر (باقی صفحہ 2 نمبر8)

برآمدات میں اضافہ، وزیراعظم نے ٹی ڈی اے پی کو جدید بنانے کی منظوری دیدی

پاکستان کی برآمدی استعداد، سیمنٹ اور جغرافیہ موضوعات ترین ہے، برآمدات میں اضافے کے لئے صنعتوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو سہولت فراہم کر رہے ہیں

زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکوسسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی، جدید خطور پر استوار ٹی ڈی اے پی اسکی راہ ہموار کرے گا، اجلاس میں جائزہ اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستانی برآمدات کے فروغ، پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار سمیت مقامی صنعتوں کو برآمدتی معیار سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (باقی صفحہ 2 نمبر5)

پنجاب میں کرپشن کے الزامات، چوہدری سالک نے نوٹس ملنے کی تصدیق کر دی

جلد جواب دوں گا، شفافیت بند کمروں کے پیچھے نہیں ہونی چاہیے، وفاقی وزیر کا ٹوئٹ

اسلام آباد، (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے امور بیرون ملک پاکستان چوہدری سالک حسین اور پنجاب حکومت کے درمیان لفظی جنگ میں مزید شدت آ گئی، وفاقی وزیر نے خانیوال کے بیوٹیفکیشن منصوبے میں مالی بے ضابطگیوں کے الزامات پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب (باقی صفحہ 2 نمبر6)


اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف کیش لیس اکانومی کے فروغ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یمن اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، پاکستان

بیرونی جارحیت اور خطرات کے خلاف خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، یمن اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، ۔ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان

اسلام آباد (جی این ایم) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ خطے میں امن و استحکام چاہتے ہیں، تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ آر فور مما

لک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس استنبول میں منعقد ہوا، اجلاس میں فلسطین، یمن، امریکہ، اسرائیل اور ایران کے تنازع اور آبنائے ہرمز کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان نے فلسطینی عوام کے حق

خودارادیت اور آزاد وخودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی ریاست 4 جون 1967 کی سرحدوں پر قائم ہو اور مشرقی یروشلم اس کا دارالحکومت ہو، غزہ میں فوری

طور پر تشدد کے خاتمے اور بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ بھی کیا گیا، تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یمن اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی

حملوں کی مذمت، جبکہ سعودی عرب اور یمن کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ضروری ہے۔ ترجمان نے کہا کہ جاری سفارتی کوششوں

بشمول اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر10)

ترک پارلیمنٹ نے پاکستان اور سعودیہ کیساتھ مکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کر دی

600 رکنی ترک پارلیمنٹ میں معاہدے کے حق میں 279 ووٹ آئے، 119 ارکان نے مخالفت کی، رپورٹ

یہ اتحاد مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد کسی دوسرے ملک پر حملہ کرنا نہیں، چیئرمین۔ ترک پارلیمنٹ کی خارجہ امور کمیٹی

انقرہ (جی این ایم) ترکیہ کی پارلیمنٹ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کر دی۔ ترک میڈیا کے مطابق 600 رکنی ترک پارلیمنٹ میں معاہدے کے حق میں 279 ووٹ آئے جبکہ 119 ارکان نے مخالفت کی، مجموعی طور پر 398 ارکان نے وونگ کے عمل میں حصہ لیا۔ ترک پارلیمنٹ کی خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین نے کہا کہ یہ اتحاد مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

ایران نے جوہری تنازع پر تجاویز قطر کے توسط سے امریکا کو بھجوا دی

امریکی پابندیاں اٹھانے، منجمد ایرانی اثاثے بحال اور جنگی ہرجانہ ادا کرنے کا مطالبہ

تہران (جی این ایم) ایران نے جوہری تنازع پر تجاویز قطر کے توسط سے امریکا کو بھجوا دیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی عہدیدار نے بتایا کہ ان تجاویز پر بات چیت ایران کی سات شرائط پوری ہونے پر ہی ہوسکتی ہے، امریکا ان تجاویز کا جائزہ لے رہا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر11)

اپر کرم میں افغانستان سے پاکستان آتے ہوئے دہشت گرد گرفتار، سب مشین گن برآمد

قاری وقاص عرف قدوس کا تعلق اسپین غرسے ہے جو خارجی کا ظم گروپ میں شمولیت کے لیے پاکستان میں داخل ہو رہا تھا

اسلام آباد (جی این ایم) افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کے ناقابل تردید شواہد سامنے آ گئے، اپر کرم میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بڑی کامیابی ملی ہے جس میں مسلح افغان خارجی کو گرفتار کرلیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغانستان سے دراندازی کرنے والی دہشت گرد تشکیل کا ایک مسلح خارجی گرفتار ہوا ہے جو بارڈر کراس کرنے میں ناکام ہوگیا، گرفتار خارجی (باقی صفحہ 2 نمبر13)

پاکستان سوڈان کی خودمختاری، علاقائی سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا: اسحاق ڈار

پاکستان سوڈان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سوڈان کے وفاقی وزیر داخلہ بابکر سامرا مصطفی علی نے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دفتر خارجہ میں ہونے والی اس ملاقات کے دوران اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان سوڈان کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سوڈان کے ساتھ برادرانہ تعلقات (باقی صفحہ 2 نمبر15)

کے پی میں گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہیگا، رانا ثناء

مولانا فضل الرحمان کو اگر گورنر راج سے اختلاف ہے تو وہ اختلاف رائے رکھ سکتے ہیں، ان سے لڑائی کوئی نہیں بڑھانا چاہتا، چوہدری سالک نے خود کہا ان کے پاس ثبوت نہیں

بھارت اور افغانستان کی مدد سے دہشتگردی کا ناسور اس وقت پھیل رہا ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ بیک ڈور رابطے ہوتے (باقی صفحہ 2 نمبر33)

سعودی عرب نے حوثی ملیشیا کے مطالبات سے متعلق امریکی اخبار کی رپورٹ مسترد کر دی

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب نے وال سٹریٹ جرنل کی اس رپورٹ کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے جس (باقی صفحہ 2 نمبر32)

مالیاتی اداروں اور اہم انفرا اسٹرکچر پر اے آئی کے ذریعے سائبر حملوں کا خطرہ

اسلام آباد (جی این ایم) مالیاتی اداروں اور اہم انفرا اسٹرکچر پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کے ذریعے سائبر حملوں کا خطرہ بڑھ گیا۔ اس حوالے سے نیشنل سائبر ایمرجنسی (باقی صفحہ 2 نمبر34)


اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اقتصادی تعاون تنظیم کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں 0.29 فیصد کا مزید اضافہ

1 ہفتے میں 21 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 10 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.29 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 12.31 فیصد پر پہنچ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 21 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے کے دوران 10 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں، سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی 114.88 (باقی صفحہ 2 نمبر31)

امریکا نے دوبارہ حملہ کیا تو دنیا بھر میں امریکی اثاثے نشانے پر ہوں گے، ایرانی فوج

امریکا کے پاس آبنائے ہرمز کھلوانے کا واحد راستہ ایران کی 7 شرائط پر عمل درآمد ہے، فوجی ترجمان

تہران (جی این ایم) ایران نے امریکا کو خبردار کیا ہے کہ اگر اس پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو ایرانی فوج دنیا بھر میں امریکی اثاثوں کو نشانہ بنا سکتی ہے اور واضح کیا ہے کہ اس کارروائی کیلئے کسی جغرافیائی حد کی پابندی نہیں ہوگی۔ الجزیرہ کے مطابق ایرانی فوج کے ترجمان کا یہ بیان ایسے (باقی صفحہ 2 نمبر30)

ترجمان محمد اکرمینیا نے کہا ہے کہ امریکا کی جانب سے دوبارہ حملے کی صورت میں ایران نام نہاد امریکی دشمن کے تمام اثاثوں کو نشانہ بنائے گا، چاہے وہ دنیا کے کسی بھی حصے میں موجود ہوں۔ ایرانی فوج کے

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اقتصادی تعاون تنظیم کونسل آف منسٹرز کے اجلاس کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی صارفین پر 23 ارب 33 کروڑ کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاری

اسلام آباد (جی این ایم) بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں صارفین سے 23 ارب 33 کروڑ روپے وصول کرنے کیلئے نیپرا میں درخواست جمع کرادی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر29)

اسلام آباد ہائیکورٹ، آئندہ ہفتے کیلئے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائی کورٹ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کیلئے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر28)



استنبول، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کامسیک وزارتی اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کا تجارتی خسارہ 16 فیصد بڑھ کر 14 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا

برآمدات میں 8.52 فیصد جبکہ درآمدات میں 12.59 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (جی این ایم) مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں تجارتی خسارے میں تقریبا 16 فیصد اضافہ ہوگیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی تا اکتوبر تجارتی خسارہ 14 ارب 62 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک پہنچ گیا۔ سالانہ بنیاد پر تجارتی خسارے میں 2 ارب ڈالر سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ مالی سال اسی مدت میں تجارتی خسارہ 12 ارب 61 کروڑ 40 لاکھ ڈالر تھا۔ رپورٹ کے مطابق ماہ میں برآمدات 11.33 ارب ڈالر، درآمدات 25.96 ارب ڈالر (باقی صفحہ 2 نمبر27)

گیس کے غلط اور بھاری بھرکم بلوں نے عوام کی کمر توڑ دی، ثمینہ ممتاز

کم یونٹس استعمال کرنے والے غریب صارفین کو بھی ہزاروں روپے کے بل بھیجنا ظلم اور عوام پر اضافی معاشی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے

بعض صارفین کو لاکھوں روپے کے بل موصول ہونا تشویشناک ہے، گیس کمپنی عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان، بالخصوص کوئٹہ کے شہریوں کو گیس کے بھاری بھرکم بلوں کی وصولی پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار عوام پر گیس کے غیر معمولی بلوں کا اضافی بوجھ ڈالنا انتہائی افسوسناک اور ناقابل قبول ہے۔ کم یونٹس استعمال کرنے والے غریب صارفین کو بھی ہزاروں (باقی صفحہ 2 نمبر26)

انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، سرفراز بگٹی

ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے، عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے

محمد زاہد کے علاج کے لیے دنیا کے کسی بھی ملک میں مکمل تعاون کریں گے، بینائی سے محروم شہری کو مالی معاونت اور بے روزگار دوست کو روزگار کے لیے رکشہ فراہم کر دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینا ن ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریو ں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالا ت کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی (باقی صفحہ 2 نمبر19)

عمران خان کی صحت کے حوالے سے خبریں حوصلہ افزا نہیں، بیرسٹر گوہر

ملک میں سیاسی تنا مزید نہیں بڑھنا چاہیے اب یہ سلسلہ ختم ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ عمران خان کی صحت کے حوالے سے جو خبریں آ رہی ہیں وہ حوصلہ افزا نہیں۔ ہمیں سخت تشویش ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 18 اگست کے حکم پر عملدرآمد کیلئے درخواست دائر کی ہوئی ہے۔ آج عدالت عظمی سے استدعا کی ہے ہماری (باقی صفحہ 2 نمبر20)

مولانا فضل الرحمان کو بھیجے گئے نوٹس کا ان کی موجودہ سیاست سے کوئی تعلق نہیں، طلال چوہدری

ہم فضل الرحمٰن کو سڑکوں کی طرف نہیں دھکیل رہے بلکہ وہ خود تصادم کی طرف جا رہے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے سینئر دا خلہ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ ہم جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو سڑکوں کی طرف نہیں دھکیل رہے بلکہ وہ خود تصادم کی طرف جا رہے ہیں۔ میڈیا کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد میں تجاوزات کے خلاف آپریشن ڈیڑھ سال سے چل رہا ہے، مولانا فضل الرحمان (باقی صفحہ 2 نمبر23)

چوہدری سالک کی باتوں سے لگتا ہے مستقبل کیلئے بسلٹ بچھائی جا رہی ہے، خواجہ آصف

میرے اور مولانا کے درمیان کوئی فکس گیم نہیں ہو رہی، مولانا کے خلاف کیسز کھلے ہیں، اگر حکومت انہیں واپس لے لے تو پھر فکس گیم کی بات سچ ہوگی

کرپشن پورے ملک میں ہے، صرف پنجاب تک محدود نہیں، عام آدمی صبح سے شام تک اس کا سامنا کرتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ چوہدری سالک نے جو باتیں کیں یہ مستقبل کیلئے کوئی بساط بچھائی جا رہی ہے، ایسے بیانات کا مقصد حکومت کو ڈس کریڈٹ کرنا ہے تاکہ نئے لوگوں کو پیش کیا جا سکے۔ ایک انٹرویو میں سیاسی حالات اور چوہدری سالک حسین کے حالیہ بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انھوں نے جو باتیں کیں یہ مستقبل کے لیے کوئی بساط بچھائی جا رہی ہے، سمجھتا ہوں متبادل (باقی صفحہ 2 نمبر24)


کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر بلوچستان پولیس اور نادرا کے مابین مفاہمتی معاہدے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرپرسن قومی کمیشن نورین بانو لہڑی کی آئی جی بلوچستان محمد طاہر سے ملاقات

صنفی تشدد کی روک تھام اور تحفظِ نسواں کے لیے باہمی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق، ویمن پروٹیکشن سینٹر کا دورہ

کوئٹہ (جی این ایم) اسلام آباد چیئرپرسن قومی کمیشن برائے وقار نسواں محترمہ نورین بانو لہڑی بورڈ ممبر NCSW بلوچستان سلمی قریشی نے سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان جناب محمد طاہر سے اہم مشاورتی ملاقات کی اور بعد ازاں ویمن اینڈ چیوونائل پروٹیکشن سینٹر، ڈے کیئر سینٹر، کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ اور پولیس ہیلپ لائنز کا تفصیلی دورہ کیا۔ ملاقات کے دوران صوبے میں صنفی بنیادوں پر تشدد کے کیسز کی صورتحال، ان کے حل، ڈیٹا شیئرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر25)

مولانا فضل الرحمان سے مولانا عبدالواسع کی ملاقات

ملکی و بلوچستان کی سیاسی اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور انتظامی چیلنجز سمیت بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے صوبے کے حالات، امن و امان سے متعلق مسائل اور ملکی (باقی صفحہ 2 نمبر17)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کالج کی مختلف کلاسز اور سائنسی لیبارٹری کا معائنہ کیا

پرنسپل پروفیسر نصیر احمد بلوچ کی جانب سے تعلیمی سرگرمیوں اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کالج کے پرنسپل پروفیسر نصیر احمد بلوچ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا رکن صوبائی اسمبلی نے کالج کی مختلف کلاسز اور سائنسی لیبارٹری کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کالج کے تدریسی عملے سے بھی ملاقات کی اور کالج میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور مجموعی تعلیمی ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا اس موقع پر پرنسپل (باقی صفحہ 2 نمبر18)


اسلام آباد، نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی سے جمہوریہ سوڈان کے وزیر داخلہ مسٹر بابکر سمرا مصطفی علی ملاقات کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کے قریبی اتحادی سے منسوب جج ٹور آپریٹرز کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے قریبی اتحادی مفتی ابرار سے مبینہ طور پر منسلک جج ٹور آپریٹرز کو ایس ای سی پی نے شوکاز نوٹس (باقی صفحہ 2 نمبر21)

پنجگور کی کم عمر بلوچ خاتون کے دہشتگرد تنظیم سے متعلق ہوشربا انکشافات

کوئٹہ (جی این ایم) فتنہ الہندوستان کو چھوڑنے والی پنجگور کی کم عمر بلوچ خاتون کے دہشتگرد تنظیم سے متعلق ہوشربا انکشافات (باقی صفحہ 2 نمبر22)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 0313682394/603327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

آج کی یوتھ اور سوشل میڈیا

از قلم /// غلام رسول بلوچ

آج کی نسل یا موجودہ یوتھ انٹرنیٹ سے لنکڈ ہے۔ انٹرنیٹ یا سوشل میڈیا کا مثبت استعمال معاشرتی تربیت سے وابستہ ہے۔ آج کے دور میں ذہن سازی کرنا انتہائی آسان ہے۔ سوشل میڈیا سے تقریباً ہر نوجوان اور ہر مکتبہ فکر سے وابستہ افراد لنک ہیں۔ جب کوئی ٹرینڈ سوشل میڈیا پر چلتا ہے تو اسے بغیر تصدیق پھیلانے سے نقصانات کا اندیشہ زیادہ ہے۔ موجودہ جدید دور میں دنیا بھر کے واقعات اور معاملات بہت جلدی سے ہر صارف تک پہنچ جاتے ہیں۔ پاکستان کی آبادی کا تقریباً 63 سے 65 فیصد یوتھ پر مشتمل ہے تو پھر ان کی ذمہ داریاں بھی ملکی مفادات اور ملکی تناظر میں بڑھ جاتی ہیں۔ یوتھ کو سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کے ذریعے ملک و قوم کی خدمت کرنی چاہیئے۔ پاکستان میں یوتھ کا اتنا بڑا تناسب

ایک خوش آئند امر ہے پاکستان کی سلامتی، بقاء تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ پاکستانی یوتھ کو اپنے ملک اور ملک کے قومی اداروں کے تحفظ کے لیے اپنی راہوں کے درست انتخاب کے تعین کی ضرورت ہے، موجودہ حالات کے تناظر میں جب پاکستان اور پاکستان کے قومی اداروں کے خلاف منفی، جھوٹا اور مذموم پروپیگنڈہ عروج پر ہے۔ جس کے تانے بانے بھارت سے جا ملتے ہیں۔ پاکستان کی یوتھ کو ذمہ داری کا مظاہرہ کر کے دشمن قوتوں کے منفی اور جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کو فوراً مسترد کر کے قومی بیانیے کے فروغ پر زور دیں۔ ملک میں سیاسی عدم استحکام، دہشت گردی کا ناسور۔ احتجاجی سیاست، انتشار اور فسادی سیاست سے یا احتجاجوں کی گمراہ کن سیاست سے گریز کر کے ملک اور قوم کی مضبوط پہچان بنانے کی ضرورت ہے۔ پاکستانی یوتھ کے سامنے اس کا بہترین اور روشن مستقبل منتظر ہے اگر وہ اپنی درست اور مثبت راہوں کے تعین میں اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان کی یوتھ پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے جس نے پاکستان کی ترقی پاکستان کی خوشحالی کے لیے کام کرنا ہے۔ ملک کی نوجوان نسل سوشل میڈیا پر جو گمراہ کن پروپیگنڈہ یا جھوٹا بیانیہ جو دشمن قوتوں کی طرف سے سائبر وار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے اس سے بچنے اور گریز کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری نوجوان نسل کو اپنی اقدار، اپنی ثقافت، اپنی تہذیب، اپنی رواداری، مذہبی ہم آہنگی اور ملی وحدت سے آگاہی کی ضرورت ہے۔ اس ملک کے قیام میں ہمارے اسلاف کی قربانیوں اور شہادتوں کی تاریخ سے واقفیت اور موجودہ دور میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف افواج پاکستان، قوم اور دیگر سیکورٹی اداروں کی قربانیوں و شہادتوں کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے بہتر مستقبل کے لیے دی جانیوالی قربانیاں اور شہادتیں اس ملک سے وفا اور اس مٹی سے محبت کی عکاس ہیں یہ جذبے قابل تحسین اور شہداء کی قربانیاں قابل تکریم ہیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کی حفاظت فرمائے آمین

آج کی نسل یا موجودہ یوتھ انٹرنیٹ سے لنکڈ ہے۔ انٹرنیٹ یا سوشل میڈیا کا مثبت استعمال معاشرتی تربیت سے وابستہ ہے۔ آج کے دور میں ذہن سازی کرنا انتہائی آسان ہے۔

☆☆☆☆

انسداد پولیو مہم

انسدادِ پولیو مہم کے پانچویں روز تحصیلدار احمد خان نے فیلڈ میں مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور پولیو ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران تحصیلدار احمد خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے، ان کی انگلیوں پر لگائے گئے نشانات (فنگر مارکنگ) کی تصدیق کی اور گھروں پر کی گئی پولیو مارکنگ کا بھی معائنہ کیا تاکہ مہم کے دوران بچوں تک ویکسین کی رسائی اور مقررہ اہداف کی تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر انہوں نے موقع پر موجود والدین اور شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں پولیو ویکسین کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کیا اور اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ تحصیلدار احمد خان نے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ سیکیورٹی اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ پولیو ٹیموں اور متعلقہ افسران کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مہم کے اختتام تک مکمل چوکنا، مستعد اور اپنی ڈیوٹی پر موجود رہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انسدادِ پولیو مہم کو کامیاب بنانے، ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے اور مہم کے دوران مؤثر نگرانی کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔

01

دہشتگردی مشق دوستی سوئم کامیابی سے مکمل ہو گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق مشترکہ فوجی مشق دوستی سوئم اسپیشل آپریشنز اسکول چراٹ میں منعقد ہوئی، پاک تاجک مشترکہ مشق دوستی سوئم کا آغاز 26 اکتوبر کو ہوا تھا۔ بیان میں بتایا گیا کہ مشترکہ مشق میں انسداد دہشتگردی کے تجربات اور بہترین عملی طریقہ کار کا تبادلہ کیا گیا، مشق کے دوران آپریشنل ڈرلز، طریقہ کار اور جنگی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دی گئی۔ پاک تاجک افواج نے باہمی تربیت، تجربات کے تبادلے کے ذریعے انسداد دہشتگردی کی صلاحیتیں نکھاریں، دوستی سوئم مشق پاکستان اور تاجکستان کے دیرینہ فوجی تعاون کی عکاس ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور تاجکستان نے دفاعی تعلقات اور دوطرفہ فوجی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

02

موقع پر اقرار الحسن اپنے وکلا کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزم کو مقدمے کی نقول فراہم کر دیں اور آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ واضح رہے کہ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی پہلے ہی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے عبوری چالان کو حتمی قرار دے چکی ہے۔ اقرار الحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ این سی سی آئی اے نے درج کر رکھا ہے جبکہ وہ مقدمے میں ضمانت پر ہیں۔

03

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہم نے کہا تھا ہم اختیار کیلئے لڑیں گے اور فائل پھینک کر نہیں جائیں گے، ہمارے دوست ہمارے کاموں سے ہریشان ہیں اور روزانہ پوچھ رہے ہیں کہ کام کیسے کر رہے ہو؟۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہاں سرکاری اسکول کا کانسپٹ ہی تبدیل کر دیا گیا ہے، لوگ مجبور ہو کر نجی اسکولوں کی جانب جاتے ہیں، نجی اسکولوں میں بھی درجہ بندی ہے، چند فیصد لوگوں کو سہولت حاصل ہے کہ مہنگی فیس دے کر اچھی تعلیم لیں جبکہ مڈل کلاس طبقہ پس گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اسکولز کو بہتر کرنے کا وعدہ کیا تھا، پوری آبادی میں یہ اسکول اب پرائیوٹ اسکولز کو شکست دے گا، مقابلہ معیاری تعلیم اور سہولتوں کا ہونا چاہئے، ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے لوگ ان سرکاری اسکولوں سے نکلے مگر حکمرانوں نے ان سرکاری اسکولز کو کھنڈر بنا دیا۔ حافظ نعیم نے کہا کہ شہریوں کو اچھی تعلیم دینا حکومت کا کام ہوتا ہے، حکومت 130 روپے تک پٹرول میں فی لیٹر ٹیکس لے رہی ہے، ٹیکس لیا جاتا ہے لیکن ہمیں سہولیات نہیں دی جاتیں، ریاست اگر ذمہ داری پوری نہیں کر رہی تو قوم کے ساتھ جرم کر رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ نعمت اللہ خان کے دور میں پہلے سرکاری اسکول بلدیہ کے ماتحت ہوتے تھے، پھر آہستہ آہستہ یہ اسکولز برباد ہوتے چلے گئے، چالیس سال سے دو جماعتیں یہاں اقتدار میں رہیں اور یہاں بچے درخت کے نیچے پڑھنے لگے تھے، جب ہم نے احتجاج کیا تو اسکولز پھر ٹاؤنز کو واپس ملے، ہمارے پاس ٹاؤنز کا نظام آیا تو جماعت اسلامی نے کھنڈر بنی سڑکوں کو صاف ستھرا کیا۔

04

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ صوبہ بلوچستان اس نہج اور خراب صورتحال تک کیسے پہنچا، یہ ایک انتہائی غور طلب بات ہے۔ اپنے ماضی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ایک وقت تھا جب وہ بغیر کسی سیکیورٹی گارڈ یا محافظ کے کہیں بھی با آسانی چلے جاتے تھے، مگر آج کوئٹہ جاتے ہوئے بھی احتیاط برتنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ فاضل جج نے واضح کیا کہ بلوچستان کے حالات بہتر بنانا اور امن کا قیام صرف حکومت یا انتظامیہ کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اس تفاوت اور بدامنی کی بنیادی وجوہات پر غور کرے۔ انہوں نے زور دیا کہ جب صوبے میں امن ہوگا تب ہی تجارتی کاروبار چلے گا اور لوگ انصاف کے حصول کے لیے عدالتوں میں آسکیں گے۔ خطاب کے آخر میں انہوں نے سانحہ سول اسپتال کوئٹہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دردناک اور الم ناک سانحے کو زندگی بھر کبھی نہیں بھول سکتے۔

05

آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ٹی ڈی اے پی کی کارکردگی اور اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ برآمدات میں اضافے کیلئے صنعتوں میں تیار کردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، جدید خطوط پر استوار ٹی ڈی اے پی اسکی راہ ہموار کرے گا۔ زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکو سسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شفاف طریقے سے میرٹ پر اچھی تربیت یافتہ افرادی قوت کو ٹی ڈی اے پی کا حصہ بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اصلاحات تب ہی ممکن ہیں جب اداروں میں ترقی کو اہداف کے حصول اور کارکردگی سے مشروط کیا جائے، ادارے کے پرفارمنس اور فنانشل آڈٹ کے لئے اچھی شہرت یافتہ نجی آڈٹ فرم کی خدمات لی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع اور جغرافیہ موضوں ترین ہے، برآمدات میں اضافے کے لئے صنعتوں اور چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروبار کو سہولت فراہم کر رہے ہیں تا کہ ان خصوصیات سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جا سکے۔ اجلاس کو ٹریڈ ڈولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی موجودہ کارکردگی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کے موجودہ نظام میں چیلنجز کے بارے میں اجلاس کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ عالمی سطح پر موثر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشنز کے تقابلی جائزے میں واضح کیا گیا کہ جدید ادارے مقامی منڈیوں کی ترقی و عالمی منڈیوں تک رسائی، برآمد کنندگان کی استعداد میں اضافے اور برآمدات کے فروغ کیلئے مربوط خدمات فراہم کرتے ہیں۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ عالمی معیار کے تجارتی فروغ کے ادارے میں تبدیل کرنے کیلئے اصلاحات بھی پیش کی گئیں۔ ان میں ادارے کے دائرہ کار کو 8 بنیادی افعال تک محدود کرنا، بورڈ اور انتظامی ڈھانچے کی تنظیم نو، علاقائی نیٹ ورک کو موثر بنانا، ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور مصنوعی ذہانت کا استعمال، جبکہ کارکردگی جانچنے کے لیے قابلِ پیمائش اشاریوں اور آزادانہ تھرڈ پارٹی جائزے کا نظام متعارف کرانا شامل ہے۔ مجوزہ اصلاحات پر عمل درآمد کے لئے منظوری، ڈیزائن، نفاذ اور آزادانہ جانچ پر مشتمل 12 ماہ کا مرحلہ وار منصوبہ بھی پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے اصلاحات کو آئندہ برس کے وسط میں مکمل کر کے اطلاق یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، مشیر وزیراعظم ہارون اختر، وزیرمملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

06

کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مشورہ دیا ہے کہ وہ قانونی نوٹس وزیراعلی پنجاب کے اپنے سرکاری ترجمان سید کوثر کاظمی کو ارسال کریں۔ یہ بیان وزیراعلی مریم نواز کی جانب سے سالک حسین کو بھیجے گئے قانونی نوٹس کے بعد سامنے آیا۔ مریم اورنگزیب کی سوشل میڈیا پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے چوہدری سالک حسین نے لکھا کہ مجھے ابھی تک کوئی قانونی نوٹس موصول نہیں ہوا، میں اس کا انتظار کر رہا ہوں تا کہ مناسب جواب دیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مریم اورنگزیب کو گمراہ کن دعوں پر قانونی نوٹس اپنے ہی ترجمان کو بھیجنا چاہیے۔ اس سے قبل مریم اورنگزیب نے سوشل میڈیا پر خانیوال کے سابق ڈی سی اور بیوٹیفکیشن پروجیکٹ میں اضافی ادائیگیوں سے متعلق پھیلی اطلاعات کو رد کرتے ہوئے کہا تھا کہ وزیراعلی کی ہدایت پر اینٹی کرپشن ڈائریکٹر جنرل معاملے کی قانون کے مطابق شفاف تحقیقات کر رہے ہیں۔ انہوں نے پنجاب حکومت کی زیرو ٹالرینس پالیسی کا اعادہ کرتے ہوئے طنزا لکھا تھا کہ ڈرامہ خراب کرنے کے لیے معذرت، پنجاب میں سب ٹھیک ہے۔ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا جب وزیراعلی مریم نواز نے خانیوال کے اکبر بازار بیوٹیفکیشن پروجیکٹ میں مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا حکم دیا۔ رپورٹس کے مطابق ٹھیکیدار پیشگی رقم وصول کرنے کے بعد فرار ہو گیا تھا اور کام نامکمل رہا۔ اس پر وزیراعلی نے سابق ڈی سی خانیوال کو شامل تفتیش کرنے اور ٹھیکیدار کو گرفتار کر کے برآمدگی کا حکم دیا تھا۔ یاد رہے وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب حکومت پر کرپشن کے الزامات لگانے پر انہیں 5 ارب روپے کا ہرجانے کا قانونی نوٹس بھیجا تھا۔ سالک حسین نے ایک ٹی وی انٹرویو میں دعوی کیا تھا کہ پنجاب میں کرپشن کی فائلیں الماریوں میں بھری پڑی ہیں، جس پر مریم نواز نے الزام واپس لینے اور معافی نہ مانگنے کی صورت میں قانونی کارروائی کا انتباہ دیا تھا۔ دریں اثنا پنجاب میں کرپشن کے الزامات پر چوہدری سالک حسین نے صوبائی حکومت کی جانب سے نوٹس ملنے کی تصدیق کر دی۔ ایکس پیغام میں وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے کہا کہ جلد جواب دوں گا، شفافیت بند کمروں کے پیچھے نہیں ہونی چاہیے۔

07

مسئلہ جموں و کشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے، پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کیلئے اپنے اصولی موقف پر قائم ہے، نومبر 1947 میں جموں میں بے گناہ شہید کشمیری مسلمانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، شہدائے جموں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

08

تے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ عجیب و غریب صورت حال ہے کہ پیپلز پارٹی ن لیگ کو فارم 47 کی حکومت کہتی ہے۔ اسد عمر کا کہنا ہے کہ جس طریقے سے یہ فیصلے کر رہے ہیں اس طرح پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ چوہدری سالک کہیں نہ کہیں، سب کو پتہ ہے کہ یہاں عجیب و غریب صورتحال ہے۔ سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے یہ بھی کہا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ شاہ محمود قریشی کو علاج معالجے کی سہولت دے۔

09

اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خود مختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

10

مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتے ہیں، آبنائے ہرمز سے محفوظ اور بلا رکاوٹ جہاز رانی کی بحالی کا مطالبہ کرتے ہیں، 23 اکتوبر کو آر فور ممالک کے وزرائے خارجہ کی فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے ہم منصبوں سے بھی استنبول میں ملاقات ہوئی، ملاقات میں اہم علاقائی اور عالمی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اردن کی حکومت اور عوام سے تعزیت کرتے ہیں، جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی بھی کیا، پاکستان کی زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اردن سے یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 26 اکتوبر کو سعودی عرب کے مکہ اور مدینہ کے علاقوں پر حوثی بیلسٹک میزائل حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، مقدس مقامات کے قریب حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی سنگین خلاف ورزی ہیں، حوثی حملے اسلام کے مقدس مقامات کے تقدس اور شہریوں کی سلامتی کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی اور مکہ اتحاد برائے دفاع سے وابستگی کا اعادہ کیا ہے، بیرونی جارحیت اور خطرات کے خلاف خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

11

نے بھی بتایا کہ ایران نے دیگر شرائط کے علاوہ امریکی پابندیاں اٹھانے، منجمد ایرانی اثاثے بحال کرنے اور جنگی ہرجانہ ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ واشنگٹن کا موقف ہے کہ ابتدائی مذاکرات میں جوہری معاملات کو بھی شامل کرنا ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق قطر نے گزشتہ ہفتے ایران کے ساتھ سفارتی رابطوں میں تیزی لاتے ہوئے تہران میں مذاکرات کے دو ادوار میں شرکت کی جبکہ تیسرا دور دوحہ میں منعقد کیا۔ خیال رہے کہ قطری حکام نے حالیہ دنوں میں آرمینیا میں بھی ایرانی حکام سے ملاقاتیں کیں۔

12

اور اس کا مقصد کسی دوسرے ملک پر حملہ کرنا نہیں۔ حکمران جماعت جسٹس اینڈ ڈیولپمنٹ پارٹی کے رکن ضیا آلتونیالدز نے کہا کہ اس معاہدے کا مقصد خطے میں سکیورٹی تعاون کو فروغ دینا ہے۔ یاد رہے کہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب نے 7 اگست کو مکہ مکرمہ میں اس معاہدے پر دستخط کیے تھے، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردوان شریک تھے۔

13

کی شناخت قاری وقاص عرف قدوس کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اسپین غرافغانستان سے ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان خارجی نے دوران تفتیش خارجی کاظم گروپ میں شمولیت کے لیے پاکستان میں داخل ہونے کا انکشاف کیا، تلاشی کے دوران گرفتار افغان خارجی قاری وقاص کے قبضے سے ایک سب مشین گن، چار میگزین اور 88 گولیاں برآمد ہوئیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان خارجی کے قبضے سے مختلف مقامات اور بم بنانے کی تکنیک سے متعلق نوٹس پر مشتمل نوٹ بک بھی برآمد ہوئی جس سے تفتیش جاری ہے۔

14

ملک شہزاد اعوان نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ چار سے پانچ روز کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر کرایوں میں کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم اور وفاقی وزیر پیٹرولیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر کو مزید ریلیف دینے کے لئے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے۔ یاد رہے کہ پیٹرول کی قیمت میں 9 روپے 41 پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 352 روپے 59 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ ڈیزل کی قیمت میں بھی 5 روپے 56 پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 382 روپے 25 پیسے مقرر کی گئی ہے۔

15

کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ اس موقع پر سوڈانی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ سوڈان پاکستان کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانا چاہتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان اور سوڈان کے درمیان برادرانہ تعلقات مضبوط ہیں۔

16

اور ہادی علی چٹھہ کی جانب سے سزا معطلی کی درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں۔ ایڈووکیٹ فیصل صدیقی، ریاست علی آزاد اور زینب جنجوعہ نے اپیلیں دائر کیں۔ اپیلوں میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ٹرائل کورٹ نے فیئر ٹرائل کے تقاضے پورے نہیں کیے جبکہ ٹرائل شفاف نہ ہونے سے متعلق مختلف عدالتی نظیروں کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ اپیلوں میں کہا گیا ہے کہ آرٹیکل 10 کے برخلاف جیل ٹرائل کو سیکرٹ ٹرائل کی طرح کیا گیا۔ عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا کالعدم قرار دی جائے۔ درخواستوں میں مزید استدعا کی گئی ہے کہ اپیلوں کے زیرالتوا رہنے تک سزا معطل کر کے دونوں کو ضمانت پر رہا کیا جائے۔ واضح رہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو 10، 10 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی تھی۔

17

سیاسی منظرنامے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ اور آغا فضل الرحمن شاہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملکی و صوبائی معاملات پر باہمی مشاورت کی گئی، جبکہ بلوچستان کی صورتحال اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

18

پروفیسر نصیر احمد بلوچ نے انہیں کالج کی تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی رکن صوبائی اسمبلی نے کالج کی بہتری اور تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل کو سراہا۔

19

اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خود مختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

20

درخواست جلد سماعت کیلئے لگائی جائے تا کہ یہ معاملہ حل ہو۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سیاسی ملاقات تو ہوگی، سلمان صفدر مل کے آئے، عمران خان کی صحت کے حوالے سے ہمیں ہدایات ضرور ملی ہیں، بانی کی صحت سے متعلق کوئی کمپرومائز نہیں ہونا چاہیے۔ سپریم کورٹ کے 18 اگست کے فیصلے پر عملدرآمد چاہتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کا لانگ مارچ ختم ہو گیا۔ صوبائی حکومت تک چلی گئی ہے۔ اب رہنماؤں اور کارکنوں کی پکڑ دھکڑ کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو فوری رہا کیا جائے۔

21

جاری کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق مفتی ابرار کے خاندان اور ساتھیوں سے منسوب ال عفو منظم کی تین متعلقہ کمپنیوں کے ملکیتی ریکارڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی ہے، مفتی ابرار سے منسوب سجاد ٹریولز، ال رحاب انٹرنیشنل اور شکر الفیھان ٹریولز کو ایس ای سی پی نے شوکاز نوٹس جاری کیئے۔ مفتی ابرار سے منسوب حج ٹور آپریٹرز کو حقیقی مالکان کی معلومات جمع نہ کرانے پر ایس ای سی پی نے وضاحت طلب کرنے کے نوٹس جاری کر دیئے، مفتی ابرار سے منسوب شکر الفیھان ٹریولز کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت قانونی تقاضوں کی مبینہ عدم تعمیل پر شوکاز نوٹس جاری کر دیا گیا۔ مفتی ابرار سے منسوب ال رحاب انٹرنیشنل کو سال 2023 کے لیے حقیقی مالکان کی مطلوبہ معلومات جمع نہ کرانے پر نوٹس جاری ہوا، مفتی ابرار سے منسوب سجاد ٹریولز اینڈ ٹورز کو حقیقی مالکان کا مطلوبہ ریکارڈ جمع نہ کرانے پر ایس ای سی پی نے شوکاز نوٹس جاری کیا ہے۔ ایس ای سی پی نے مفتی ابرار سے منسوب تین حج ٹور کمپنیوں کو 14 روز میں وضاحت جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ فضل الرحمان کے قریبی اتحادی مفتی ابرار سے منسوب حج ٹور آپریٹرز کو ایس ای سی پی کے نوٹس میں ملکیتی معلومات میں بے ضابطگیوں پر جواب طلب کیا گیا۔

22

سامنے آئے۔ تفصیل کے مطابق فتنہ الہندوستان کی جانب سے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے خواتین اور کم عمر نوجوانوں کے استعمال کا پردہ چاک ہو گیا۔ پنجگور کی ایک کم عمر بلوچ خاتون نے مذکورہ دہشت گرد تنظیم سے علیحدگی اختیار کرنے کے بعد اپنے والدین کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس میں اہم اور ہوشربا انکشافات کیئے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کم عمر بلوچ خاتون نے بتایا کہ ان کے چچا کے قتل کے بعد فتنہ الہندوستان کے عناصر نے واٹس ایپ کے ذریعے ان سے رابطہ کیا اور انہیں انتقام و بدلہ لینے پر اکسایا۔ اس کے بعد تنظیم نے انہیں دیگر لڑکیوں کو بھرتی کرنے کا ٹاسک سونپ دیا۔ خاتون کا کہنا تھا کہ تنظیم کی جانب سے انہیں فدائی (خودکش حملہ آور بننے کی پیشکش بھی کی گئی، تاہم انہوں نے فتح اسکواڈ میں شامل ہونے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ انکشافات کے دوران انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان بلوچ خواتین اور نوجوانوں کو گمراہ کن بیانیے کے ذریعے اپنے مقاصد اور دہشت گردانہ کارروائیوں کے لیے استعمال کرتی ہے۔ کم عمر بلوچ خاتون نے ماضی میں کیے گئے اپنے اقدامات اور غلطی پر شدید شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے عہد کیا کہ وہ آئندہ ہمیشہ ریاست کی وفادار رہیں گی اور کسی بھی گمراہ کن پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گی۔

23

کو بھیجے گئے نوٹس کا ان کی موجودہ سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے رانا ثنا اللہ کا بیان ان کی ذاتی رائے ہو سکتا ہے کہ وزیراعظم سمجھتے ہیں کہ اس معاملے سے نقصان تو ہو سکتا ہے، فائدہ نہیں، اگر وزیراعظم کا یہ خیال ہوتا تو وفاقی وزرا مولانا کے معاملے پر بات نہ کر رہے ہوتے۔ طلال چوہدری نے مزید کہا کہ ہم مولانا فضل الرحمان کو سڑکوں کی طرف نہیں دھکیل رہے، بلکہ وہ خود تصادم کی طرف جا رہے ہیں اور بلاوجہ تلخ ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ نہ چھیڑ ملنگاں نوں! اگر میرے گھر کے اندر جھانکو گے تو اس آنکھ کو نیزے سے پھوڑ دیا جائے گا، شریعت میں ایسی آنکھ کو پھوڑنے کا کوئی قصاص نہیں، نواز شریف کو کرپشن پر 10 سال ملک سے باہر رکھا، آصف زرداری کو 8 سال جیل میں رکھا لیکن آج وہ حکمران ہیں، ان کی کوئی اقدار نہیں ہے۔ وہ اسلام آباد میں طلبا کنونشن سے خطاب کر رہے تھے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ نہ چھیڑ ملنگاں نوں! یہ ہمیں اشتعال دلانا چاہتے ہیں، ہم مشتعل نہیں ہونگے۔ لیکن ایک حد ہوتی ہے، اگر میرے گھر کے اندر جھانکو گے تو پھر اس آنکھ کو نیزے سے پھوڑ دیا جائے گا۔ شریعت میں اگر کوئی آپ کے گھر کے اندر جھانکتا ہے تو اس کی آنکھ پھوڑنے کا کوئی قصاص نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ نواز شریف کو آپ نے دس سال ملک سے باہر رکھا، کرپشن کے الزام میں، آج وہ حکمران ہے۔ آصف زرداری کو آٹھ سال جیل میں رکھا، کہا کہ کرپٹ ہے، آج وہ صدر ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آج آپ کو اندازہ لگتا ہوگا کہ دھاندلی کرنے والے اور دھاندلی کے ذریعے اقتدار میں لانے والے کس کیٹیگری کے لوگ ہیں، ان کا کوئی اقدار نہیں ہے، یہ خود اپنی ذات میں عزت والے نہیں ہیں، یہ طاقت کے بل بوتے پر رویوں کا تعین کرتے ہیں، اخلاق کی بنیاد پر نہیں کرتے۔

24

انتظام کے لیے جگہ بنائی جا رہی ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ ایسے بیانات کا مقصد حکومت کو ڈس کریڈٹ کرنا ہے تا کہ نئے لوگوں کو پیش کیا جا سکے، کچھ سرمایہ کار بھی پچھلے کئی ماہ سے سرگرم ہیں، اقربا پروری کا عنصر بھی ہو سکتا ہے یہ ناممکن نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا اس کے پیچھے لوگ کار فرما ہیں اس سے زیادہ مجھ سے نہ پوچھیں، یہ میرا مشاہدہ ہے کوئی خبر نہیں دے رہا۔ انہوں نے انکشاف کیا گزشتہ 8 سے 10 ماہ سے کچھ سرمایہ دار اور سیاسی موقع پرست سرگرم ہیں جو خود کو سیاسی منظرنامے پر پوزیشن کر رہے ہیں، تقریبا 50 سال کی عمر کے افراد اور سرمایہ دار مل کر ایک نیا گروپ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کیونکہ شاید وہ سمجھتے ہیں کہ 2 سال بعد الیکشن ہوں گے۔ مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا "میرے اور مولانا کے درمیان کوئی فکس گیم نہیں ہو رہی، مولانا کے خلاف کیسز کھلے ہیں، اگر حکومت انہیں واپس لے لے تو پر فکس گیم کی بات سچ ہوگی، تاہم میں نے کبھی ایسی فکسنگ نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن پورے ملک میں ہے، صرف پنجاب تک محدود نہیں، عام آدمی صبح سے شام تک اس کا سامنا کرتا ہے۔ چوہدری سالک کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ چوہدری خاندان کا احترام ہے، تاہم ان کے موقف کے پیچھے عزیز داری یا اقربا پروری کا عنصر بھی ہو سکتا ہے۔

25

اور باہمی تعاون پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ چیئرپرسن NCSW نے صنفی تشدد کے واقعات پر فوری معلومات فراہم کرنے اور کمیشن کے ساتھ مسلسل تعاون پر پولیس ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے آئی جی بلوچستان کو اعزازی شیلڈ پیش کی۔ آئی جی جناب محمد طاہر نے خواتین کے حقوق کے تحفظ اور کیسز کی ذاتی نگرانی کے حوالے سے چیئرپرسن کی قائدانہ کوششوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں بلوچستان پولیس کی اعزازی شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر آئی جی بلوچستان نے این سی ایس ڈبلیو کے اسٹریٹجک پلان کی مکمل تائید کی اور یقین دلایا کہ صوبائی پولیس نیشنل جینڈر ڈیٹا پورٹل اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر صنفی تشدد کی روک تھام کے لیے مکمل تعاون کرے گی۔ بعد ازاں چیئرپرسن محترمہ نورین بانو لہڑی نے ویمن اینڈ جیووینائل پروٹیکشن سینٹر کا معائنہ کیا، جہاں انہوں نے فرائض انجام دینے والی لیڈی پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی، ان کی خدمات کو سراہا اور ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے موصول ہونے والے اور حل شدہ کیسز کے طریقہ کار، ہیلپ لائنز کی کارکردگی اور متاثرین کو فراہم کی جانے والی نفسیاتی و سماجی مدد کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کمیشن اور پولیس مل کر ایک ایسا مؤثر نظام بنائیں گے جس کے ذریعے متاثرہ خواتین اور بچوں کو فوری، محفوظ اور باوقار انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے۔

26

روپے کے بل موصول ہو رہے ہیں، جبکہ بعض شہریوں کو لاکھوں روپے کے بل بھیجنا عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی شدید سرد موسم، بے روزگاری اور مہنگائی جیسے مسائل سے دوچار ہیں، ایسے حالات میں گیس کے بھاری بلوں نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ گیس کمپنی کو عوام کی مالی استطاعت اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پالیسیوں اور بلنگ کے نظام پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ سینئر ثمینہ ممتاز زہری نے گیس کمپنی کے حکام کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہوش کے ناخن لیں اور اپنا قبلہ درست کریں۔ عوام کو غیر حقیقی اور غیر معمولی بل بھیجنے کے بجائے گیس کے حقیقی استعمال کے مطابق درست اور شفاف بلنگ کا نظام یقینی بنایا جائے۔ صارفین سے صرف اتنے ہی یونٹس کے چارجز وصول کیے جائیں جتنی گیس انہوں نے حقیقتاً استعمال کی ہو، جبکہ غیر معمولی بلوں کی فوری جانچ پڑتال کر کے ان کی اصلاح کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سردیوں کے موسم میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کے باعث شہری پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے میں گیس کی مسلسل اور بلا تعطل فراہمی کے بغیر بھاری بھرکم بل وصول کرنا عوام کے ساتھ دوہرا ظلم ہے۔ آخر غریب شہری اس شدید سردی میں گیس کے بغیر اپنی زندگی کیسے گزاریں گے؟ بچوں، بزرگوں اور خواتین کو سرد موسم میں بنیادی سہولت سے محروم رکھنا کسی صورت مناسب نہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گیس کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، گیس پریشر بہتر بنایا جائے، سردیوں کے دوران بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور تمام صارفین کو ان کے حقیقی استعمال کے مطابق درست بل ارسال کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، نہ کہ ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کرنا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز حقوق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے۔ گیس کمپنی عوامی شکایات کا فوری نوٹس لے اور ایسے اقدامات کرے جن سے بلوچستان کے شہریوں کو سردیوں میں مناسب گیس بھی میسر ہو اور وہ غیر منصفانہ بلوں کے معاشی بوجھ سے بھی محفوظ رہ سکیں۔

27

سے تجاوز کر گیا، برآمدات میں 8.52 فیصد، درآمدات میں 12.59 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں برآمدات 2.84 فیصد اضافے سے 2.92 ارب ڈالر رہیں، اس دوران درآمدات 5.72 فیصد اضافے سے 6.80 ارب ڈالر رہیں۔ اکتوبر میں ماہانہ بنیاد پر تجارتی خسارہ 10.30 فیصد اضافےسے 3.87 ارب ڈالر رہا، اکتوبر 2025 کے مقابلے تجارتی خسارہ 19.70 فیصد تک بڑھ گیا۔ واضح رہے کہ ایک مقررہ مدت کے دوران جب کسی ملک کی درآمدات اس کی برآمدات سے زیادہ ہو جاتی ہیں تو یہ تجارتی خسارہ کہلاتا ہے۔ تجارتی خسارہ اس وقت ہوتا ہے جب بین الاقوامی ٹرانزیکشن اکاؤنٹ میں منفی بیلنس ہو۔ ادائیگیوں کا توازن ملک میں رہائش پذیر اور بیرون ملک رہنے والوں کے درمیان، جہاں ملکیت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے، تمام اقتصادی لین دین کو ریکارڈ کرتا ہے۔ تجارتی خسارہ طویل مدت میں کافی مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ تجارتی خسارے کا سب سے واضح نقصان یہ ہے کہ ملک اپنی پیداوار سے زیادہ اشیا اور خدمات استعمال کرتا ہے۔

28

چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کی منظوری سے ڈپٹی رجسٹرار جوڈیشل نے آئندہ ہفتے کے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا ہے۔ عدالتِ عالیہ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کیلئے 9 سنگل بینچ اور 4 ڈویژن بینچز تشکیل دیئے گئے ہیں۔ جسٹس انعام امین منہاس صرف 10 نومبر کو کیسز کی سماعت کیلئے دستیاب ہوں گے، جبکہ جسٹس محمد اعظم خان آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت نہیں کریں گے۔ پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر مشتمل ہوگا۔ دوسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر شامل ہیں۔ تیسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس عمیر مجید ملک کو شامل کیا گیا ہے، جبکہ چوتھا ڈویژن بینچ جسٹس محمد آصف اور جسٹس ایاز شوکت پر مشتمل ہوگا۔

29

درخواست سال 2026 کی تیسری سہ ماہی، جولائی سے ستمبر ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جمع کرائی گئی ہے، فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہوگی، اس کا فیصلہ نیپرا کرے گا۔ درخواست میں کیپسٹی چارجز کی مد میں 38 ارب 92 کروڑ روپے وصول کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ آپریشنز اینڈ مینٹیننس کی مد میں 5 ارب 59 کروڑ 70 لاکھ روپے اضافے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب انکریمنٹل پیکج کے اثرات کی مد میں 29 ارب 25 کروڑ روپے کی کی درخواست بھی کی گئی ہے۔ جولائی سے ستمبر 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہوگا، نیپرا درخواست پر 17 نومبر کو سماعت کرے گا۔

30

وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان ممکنہ فوجی تصادم کے خدشات پر عالمی سطح پر تشویش پائی جاتی ہے۔ بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران کسی نئے حملے کی صورت میں اپنے ردعمل کو صرف خطے تک محدود رکھنے کا عندیہ نہیں دے رہا۔ تاہم ترجمان نے اس بیان میں کسی مخصوص امریکی ہدف یا ممکنہ کارروائی کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ ترجمان ایرانی فوج کے مطابق امریکا کے پاس آبنائے ہرمز کھلوانے کا واحد راستہ ایران کی 7 شرائط پر عمل درآمد ہے۔ ترجمان ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ رہبر اعلی نے کسی بھی جارحیت کا فوری جواب دینے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ اس سے قبل پاسداران انقلاب نے کہا تھا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کے دوران 2 آئل ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔ پاسداران انقلاب کے مطابق دونوں ٹینکرز غیر مجاز راستے سے گزر رہے تھے اور بارودی سرنگ سے ٹکرا گئے۔

31

فیصد مہنگی ہوئی، سالانہ بنیادوں پر ٹماٹر 78.89 فیصد مہنگے ہوئے جبکہ سالانہ بنیادوں پر بجلی چارجز 52.38 فیصد بڑھ گئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال میں ڈیزل 39.27 اور پیٹرول 36.34 فیصد مہنگا ہوا، سالانہ بنیادوں پر گندم کا آٹا 33.95 اور مرغی 31.81 فیصد مہنگی ہوئی جبکہ سالانہ بنیادوں پر سرخ مرچ پاؤڈر 15.55 اور مٹن 14.54 فیصد مہنگا ہوا۔ ایک سال میں پیاز 13.64، سادہ روٹی 12.35 اور گائے کا گوشت 11.06 فیصد مہنگا ہوا، سالانہ بنیادوں پر آلو 37.24 فیصد، انڈے 27.59 فیصد سستے ہوئے، ایک سال میں چینی 25.03 اور نمک پاؤڈر 14.09 فیصد سستا ہوا جبکہ ایک سال میں گڑ 7.75 فیصد، دال مسور 7.49 اور دال مونگ 6.79 فیصد سستی ہوئی، سالانہ بنیادوں پر چاول اری 1.79 6/9 فیصد سستے ہوئے۔ ایک ہفتے میں ٹماٹر 54.18 فیصد، ایل پی جی 3.72 فیصد، آلو 2.07 فیصد، انڈے 1.17 اور لہسن 1.06 فیصد مہنگے ہوئے، جلانے والی لکڑی 1.01 اور نمک پاؤڈر 0.91 فیصد مہنگا ہوا۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں سادہ روٹی 0.64 اور تازہ دودھ 0.49، دہی 0.41 فیصد مہنگی ہوئی، ایک ہفتے میں پیٹرول 4.20 فیصد اور ڈیزل 2.97 فیصد سستا ہوا، اسی طرح ایک ہفتے میں دال چنا 1.08 فیصد، کیلا 0.85 فیصد اور پیاز 0.82 فیصد سستا ہوا، ایک ہفتے میں خشک دودھ 0.73 فیصد اور مرغی 0.61 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں چینی 0.40، گندم کا آٹا 0.34 اور دال مونگ 0.27 فیصد سستی ہوئی۔

32

میں دعوی کیا گیا تھا کہ حوثیوں نے کارروائیاں روکنے کے بدلے 51 ارب ڈالر اور یمن میں اپنی حکمرانی کو تسلیم کیے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ سعودی عرب کے نائب وزیر برائے پبلک ڈپلومیسی ڈاکٹر رائد کریملی نے سوشل میڈیا پر جاری اپنی پوسٹ میں ان دعوؤں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ یاد رکھنا چاہیے کہ یمن کی ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت موجود ہے۔ یاد رہے کہ وال سٹریٹ جرنل نے اپنی رپورٹ میں دعوی کیا تھا کہ ایران کے حمایت یافتہ حوثیوں نے سعودی عرب سے اپنی کارروائیاں روکنے کے بدلے 51 ارب ڈالر اور یمن پر اپنی حکمرانی کو تسلیم کیے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ رائد کریملی نے کہا کہ میں وال سٹریٹ جرنل میں شائع ان دعوؤں کو قطعی طور پر مسترد کرتا ہوں۔ یہ سب یا تو لکھنے والوں کی یا ان کے مبینہ ذرائع کی من گھڑت کہانی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حوثیوں نے یمن کی حکومت کے خلاف بغاوت کی، یمنی عوام کو قحط اور مشکلات سے دوچار کیا اور ملک کو ایسے تنازعات میں دھکیل دیا جو یمن اور اس کے عوام کے مفاد میں نہیں۔ رائد کریملی کا کہنا تھا کہ حوثیوں نے بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں، شہری تنصیبات اور معاشی اہداف کو نشانہ بنایا اور امن کی تمام کوششوں کو مسترد کیا۔

33

رہتے ہیں لیکن پی ٹی آئی سے باضابطہ طور پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہیگا۔ مولانا فضل الرحمان کو اگر گورنر راج سے اختلاف ہے تو وہ اختلاف رائے رکھ سکتے ہیں، ان سے لڑائی کوئی نہیں بڑھانا چاہتا، لڑائی ہے بھی نہیں صرف اختلاف رائے ہے، ہمیں جے یو آئی ف کی رائے سے اختلاف کا حق ہے اور انہیں بھی یہ حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور افغانستان کی مدد سے دہشتگردی کا ناسور اس وقت وہاں پھیل رہا ہے، دہشتگردی کو روکنا اہمیت کا حامل ہے، سب کو آن بورڈ لیا جائیگا لیکن دہشتگردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک کی جانب سے پنجاب میں کرپشن سے متعلق بیان پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جب آپ کے پاس ثبوت نہ ہوں تو ایسے الزامات نہیں لگانا چاہئیں، چودھری سالک نے خود کہا کہ ان کے پاس ثبوت نہیں۔

34

ریسپانس ٹیم نے ایمرجنگ اے آئی سائبر خطرات پر ایڈوائزری جاری کی ہے جس کے مطابق بینکوں کے کور بینکنگ سسٹمز، ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارمز سمیت تیل و گیس کی تنصیبات، واٹر یوٹیلیٹیز اور بجلی کیٹیٹ ورکس، بجلی کی پیداوار اور تقسیم، مینوفیکچرنگ اور ٹرانسپورٹ کے نظام بھی نشانے پر ہیں، ظاہر کردہ اکاؤنٹ بیلنس میں رد و بدل سے صارفین میں خوف وہراس پھیل سکتا ہے۔ ایڈوائزری میں بتایا گیا ہے کہ اے آئی، خودکار بوٹس، بوٹ نیٹس اور ایجنٹک ٹولز سے حملوں کی رفتار اور پیچیدگی بڑھ رہی ہے، بینکوں کے اے پی آئیز، ادائیگی کے نظام اور صارفین کی ایپلی کیشنز پر حملوں کا خدشہ ہے۔ جاری ایڈوائزری میں خودکار لاگ ان کی کوششوں، بار بار ناکام تصدیق پر نظر رکھنے، اسناد کی بھرمار، غیر معمولی اے پی آئی ریکویسٹس، ایپلی کیشن کنفیگریشن میں تبدیلی اور غیر معمولی لین دین کے پیٹرنز پر نظر رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں یورپی سپر مارکیٹس کے ریفریجریشن اور فریز سسٹمز پر حملوں کا حوالہ بھی دیا گیا ہے، جس سے منسلک آپریشنل سسٹمز پر حملوں کے جسمانی اور تجارتی نتائج بھی سامنے آئے ہیں تاہم یورپ کے واقعات میں اے آئی کے ملوث ہونے کی تاحال تصدیق نہیں ہوئی۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ صارفین کی ایپلی کیشنز اور کور بینکنگ ریکارڈ میں انٹیگریٹی چیک یقینی بنایا جائے، آزادانہ لین دین کی جانچ اور بوٹ سے چلنے والی کوششوں کی نگرانی سمیت بوٹ سے چلنے والے اے آئی سائبر حملوں کے خلاف تیاری کا جائزہ بھی لیا جائے۔

35

دہشتگردی مشق دوستی سوئم کامیابی سے مکمل ہو گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق مشترکہ فوجی مشق دوستی سوئم اسپیشل آپریشنز اسکول چراٹ میں منعقد ہوئی، پاک تاجک مشترکہ مشق دوستی سوئم کا آغاز 26 اکتوبر کو ہوا تھا۔ بیان میں بتایا گیا کہ مشترکہ مشق میں انسداد دہشتگردی کے تجربات اور بہترین عملی طریقہ کار کا تبادلہ کیا گیا، مشق کے دوران آپریشنل ڈرلز، طریقہ کار اور جنگی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دی گئی۔ پاک تاجک افواج نے باہمی تربیت، تجربات کے تبادلے کے ذریعے انسداد دہشتگردی کی صلاحیتیں نکھاریں، دوستی سوئم مشق پاکستان اور تاجکستان کے دیرینہ فوجی تعاون کی عکاس ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور تاجکستان نے دفاعی تعلقات اور دوطرفہ فوجی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

36

موقع پر اقرار الحسن اپنے وکلا کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزم کو مقدمے کی نقول فراہم کر دیں اور آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ واضح رہے کہ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی پہلے ہی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے عبوری چالان کو حتمی قرار دے چکی ہے۔ اقرار الحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ این سی سی آئی اے نے درج کر رکھا ہے جبکہ وہ مقدمے میں ضمانت پر ہیں۔

37

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہم نے کہا تھا ہم اختیار کیلئے لڑیں گے اور فائل پھینک کر نہیں جائیں گے، ہمارے دوست ہمارے کاموں سے ہریشان ہیں اور روزانہ پوچھ رہے ہیں کہ کام کیسے کر رہے ہو؟۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہاں سرکاری اسکول کا کانسپٹ ہی تبدیل کر دیا گیا ہے، لوگ مجبور ہو کر نجی اسکولوں کی جانب جاتے ہیں، نجی اسکولوں میں بھی درجہ بندی ہے، چند فیصد لوگوں کو سہولت حاصل ہے کہ مہنگی فیس دے کر اچھی تعلیم لیں جبکہ مڈل کلاس طبقہ پس گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اسکولز کو بہتر کرنے کا وعدہ کیا تھا، پوری آبادی میں یہ اسکول اب پرائیوٹ اسکولز کو شکست دے گا، مقابلہ معیاری تعلیم اور سہولتوں کا ہونا چاہئے، ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے لوگ ان سرکاری اسکولوں سے نکلے مگر حکمرانوں نے ان سرکاری اسکولز کو کھنڈر بنا دیا۔ حافظ نعیم نے کہا کہ شہریوں کو اچھی تعلیم دینا حکومت کا کام ہوتا ہے، حکومت 130 روپے تک پٹرول میں فی لیٹر ٹیکس لے رہی ہے، ٹیکس لیا جاتا ہے لیکن ہمیں سہولیات نہیں دی جاتیں، ریاست اگر ذمہ داری پوری نہیں کر رہی تو قوم کے ساتھ جرم کر رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ نعمت اللہ خان کے دور میں پہلے سرکاری اسکول بلدیہ کے ماتحت ہوتے تھے، پھر آہستہ آہستہ یہ اسکولز برباد ہوتے چلے گئے، چالیس سال سے دو جماعتیں یہاں اقتدار میں رہیں اور یہاں بچے درخت کے نیچے پڑھنے لگے تھے، جب ہم نے احتجاج کیا تو اسکولز پھر ٹاؤنز کو واپس ملے، ہمارے پاس ٹاؤنز کا نظام آیا تو جماعت اسلامی نے کھنڈر بنی سڑکوں کو صاف ستھرا کیا۔

38

کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مشورہ دیا ہے کہ وہ قانونی نوٹس وزیراعلی پنجاب کے اپنے سرکاری ترجمان سید کوثر کاظمی کو ارسال کریں۔ یہ بیان وزیراعلی مریم نواز کی جانب سے سالک حسین کو بھیجے گئے قانونی نوٹس کے بعد سامنے آیا۔ مریم اورنگزیب کی سوشل میڈیا پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے چوہدری سالک حسین نے لکھا کہ مجھے ابھی تک کوئی قانونی نوٹس موصول نہیں ہوا، میں اس کا انتظار کر رہا ہوں تا کہ مناسب جواب دیا جا سکے۔

(01)

تحقیق رانا تنویر حسین اور ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو کے درمیان ملاقات میں لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی، ویکسین کی مقامی تیاری اور تکنیکی تربیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مجوزہ پروگرام کے تحت 100 پاکستانی افراد کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ ہے جس کے پہلے مرحلے میں 30 افراد کو تربیت کے لئے ترکیہ بھیجا جائے گا۔ ترکیہ کی تکنیکی معاونت سے پاکستان میں منہ کھر بیماری سے بچاؤ کی ویکسین تیار کی جائے گی، مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری اور جانوروں کی بہتر صحت کے اقدامات سے بیماری سے پاک زونز کے قیام اور گوشت کی برآمدات میں اضافے میں مدد ملے گی۔

(02)

نے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لانج کی تعمیر کا مقصد عالمی معیار کی ریاستی مہمان نوازی کی سہولتیں فراہم کرنا اور غیر ملکی سربراہان مملکت سمیت اعلی سطح کے وفود کے لئے پروٹوکول انتظامات کو مزید بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی اور شجرکاری بھی کی۔ تقریب میں سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ایئر وائس مارشل شاہد افضال، چیف آپریٹنگ افسر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ آفتاب گیلانی اور دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔ پی اے اے کے مطابق نئے اسٹیٹ لانج کی تعمیر اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاستی مہمان نوازی اور پروٹوکول کی سہولتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے غیر ملکی سربراہان مملکت اور اعلی سطح کے وفود کو بہتر سہولتیں میسر آئیں گی، جبکہ پاکستان آنے والے معزز مہمانوں کے استقبال اور میزبانی کے انتظامات بھی مزید موثر بنائے جا سکیں گے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا کہنا ہے کہ یہ اقدام ملک کے ہوائی اڈوں پر سہولتوں کو جدید بنانے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق خدمات فراہم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

(03)

دیگر شہروں میں دکانیں سیل کرنے کے اقدامات اور میڈیا ٹرائل کو حکومتی بوکھلاہٹ اور سیاسی انتقامی کارروائیاں قرار دیا گیا، اجلاس گلشن شہید میں جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں علامہ ناصر محمود سومرو، مولانا محمد صالح انڈھڑ، مولانا محمد رمضان پھلپوٹو، مولانا عبداللہ مہر، مولانا عبدالحمید مہر، گل محمد انقلابی، مولانا شمس الدین بھیری، مولانا سلیم اللہ بروہی اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے فارم 47 کی حکومت، صوبوں کی وحدت، این ایف سی ایوارڈ، اٹھارہویں آئینی ترمیم اور صوبوں کے معدنی وسائل پر قبضے کی سازشوں کے خلاف آواز اٹھانے پر انتقامی کارروائیاں کی جا رہی ہیں تاہم جے یو آئی آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی، جے یو آئی سندھ پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق اجلاس میں اعلان کیا گیا کہ قائد جمعیت کے حکم پر عدم تشدد کے اصول کے تحت مظاہرے کیے جائیں گے اور ضرورت پڑنے پر ہائی ویز، موٹرویز اور اہم شاہراہوں پر احتجاج کیا جائے گا، دریں اثناء جے یو آئی سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے کہا کہ میرے گھر کی ڈرون فوٹیج بنانا غیر قانونی اور غیر اخلاقی عمل ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر لاکھوں مائیں، بہنیں اور بیٹیاں بھی گھروں کی حرمت اور اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے سڑکوں پر نکل آئیں گی، انہوں نے 25 ایکڑ زمین کے الزامات لگانے والے ٹی وی چینلز کے مالکان اور اینکرز کو چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ زمین کے ثبوت سامنے لائیں، 23 ایکڑ خود رکھیں اور 2 ایکڑ مجھے دے دیں انہوں نے کہا کہ جے یو آئی آئین کی بالادستی، جمہوری حقوق اور صوبوں کے وسائل کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔

(04)

فونز میں محفوظ کرلیں۔ بندر کی ایئرپورٹ میں موجودگی کی اطلاع ملنے پر وائلڈ لائف حکام کو طلب کیا گیا، جنہوں نے اسے پکڑنے کی کوشش کی، تاہم بندر ان کے قابو میں نہ آسکا۔ حکام کی کوششوں کے باوجود وہ بچ نکلنے میں کامیاب رہا اور واپس قریبی جنگل کی طرف چلا گیا۔ ایئرپورٹ جیسے مصروف مقام پر بندر کی اچانک آمد نے مسافروں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرالی اور اس کی ویڈیوز بھی سامنے آگئیں۔

(05)

میں کہا گیا ہے کہ ملاقات کے دوران برطانوی وزیر مملکت نے غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لئے ایف آئی اے کی کارکردگی کو سراہا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور کوششوں کا اعتراف کیا۔ ڈین جاروس نے کہا کہ سائبر کرائم ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے اور اس کی موثر روک تھام کے لیے تمام ممالک کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں پہلے سے بہترین تعاون موجود ہے، جسے مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔ وزارت داخلہ کے مطابق دونوں فریقین نے انسداد منشیات کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا۔ اس یادداشت کے ذریعے برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی (این سی اے) اور پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے درمیان تعاون کو مکمل طور پر فعال بنایا جائے گا۔ ملاقات میں محسن نقوی نے بتایا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران برطانیہ اسمگل کی جانے والی منشیات کے 330 کیسز ناکام بنائے گئے۔ اس کے علاوہ ملاقات میں تربیتی پروگراموں، نادرا، امیگریشن، کوسٹ گارڈز اور سائبر کرائم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امور بھی زیر بحث آئے۔ محسن نقوی نے اپسکیل منصوبے کے تحت ہونے والی پیش رفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں دونوں ممالک نے وزارت داخلہ کے درمیان قائم ورکنگ گروپ کا اجلاس جلد بلانے پر بھی اتفاق کیا۔ ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ اور برطانیہ کے متعلقہ حکام کے علاوہ پاکستان کے وفاقی سیکرٹری داخلہ، اسپیشل سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اے این ایف، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی نیشنل فرانزک ایجنسی، کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، ڈی جی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی، ڈی جی پاسپورٹ، چیئرپرسن سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد پولیس بھی موجود تھے۔

(06)

حاصل کرلی، جبکہ ایوان نمائندگان میں بھی 30 نشستوں کا اضافہ کیا ہے، ڈیموکریٹک رہنما حکیم جیفریز نے کہا ہے کہ ان کی جماعت کی ترجیحات میں عوام کو درپیش مہنگائی کے مسائل کا حل اور ٹرمپ انتظامیہ کا احتساب شامل ہوگا۔ انتخابی شکست کے بعد اپنے پہلے عوامی خطاب میں صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں زیر تعمیر نئے بال روم کا دورہ کرایا اور کہا وہ عمارت کو امریکا کی علامت کے طور پر بہترین بنانا چاہتے ہیں۔ ٹرمپ نے ڈیموکریٹس کے ساتھ تعاون کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے خبردار کیا کہ اگر انہوں نے حکومت کے لئے مشکلات پیدا کیں تو وہ صدارتی ویٹو کا اختیار استعمال کریں گے۔ انتخابی نتائج میں ایران کے ساتھ جنگ، مہنگائی اور ٹرمپ کی معاشی پالیسیوں کو ریپبلکن پارٹی کی شکست کی اہم وجوہات قرار دیا جا رہا ہے، ٹیکساس میں ڈیموکریٹس نے 1988 کے بعد پہلی مرتبہ سینیٹ کی نشست جیتی جبکہ کنساس میں ایک صدی بعد ڈیموکریٹ سینیٹر منتخب ہوا۔ ادھر الاسکا اور مسی سپی میں سینیٹ کے نتائج کا اعلان ہونا باقی ہے، جس سے ڈیموکریٹس کی اکثریت مزید بڑھ کر 56 نشستوں تک پہنچنے کا امکان ہے۔ جنوری میں نئی کانگریس کے اجلاس کے بعد ڈیموکریٹس ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف تحقیقات شروع کرنے، اہم قانون سازی میں شرائط عائد کرنے اور صدارتی نامزدگیوں کی منظوری روکنے کے اختیارات استعمال کر سکیں گے۔

(07)

کو ختم کرنے کا ایجنڈا بھی ساتھ لائے ہیں۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ہماری لیے سیاسی اسپیس کہیں نہیں چھوڑی گئی، ہم سب کیخلاف تھری ایم او سمیت دیگر کیس ہیں، کل ہائیکورٹ کو بھی ہمارے کیسز سننے سے روک دیا گیا ہے، یہ افسوسناک ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہمارے زیادہ تر لیڈرز جیلوں میں ہیں، جو رہ گئے ہیں ان کے خلاف بھی کیسز ہیں، پارلیمنٹ میں ہم موجود ہیں، پارلیمانی کمیٹیوں میں ہمیں جانا چاہیے، پی ٹی آئی کو اپنے لیے راستہ خود ہی نکالنا پڑیگا، سیاسی اسپیس کسی کے سہارے نہیں ملے گا۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ہم نے مولانا فضل الرحمان کو کنٹینر پر آنے کی دعوت دی تھی، لگ یہی رہا ہیکہ حکومت اور جے یو آئی (ف) میں تھوڑی دیر کیلئے تلخیاں ہوں گی، پھر دھول بیٹھ جائیگی۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان سے ملاقات ہونا اچھی بات ہے، کیسز سے متعلق مشاورت ہوجاتی ہے۔

(08)

حلقوں میں انتخابی مہم 6 اور 7 نومبر کی درمیانی شب 12 بجے ختم ہو جائے گی۔ الیکشن کمیشن نے امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کو الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 182 پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولنگ کے اختتام کے بعد آنے والی نصف شب تک 48 گھنٹوں کے دوران متعلقہ حلقوں میں کوئی شخص عوامی اجتماع منعقد، اس میں شرکت یا کسی جلوس کی تشہیر اور اس میں شرکت نہیں کرسکے گا۔ کمیشن نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے شخص کو دو سال تک قید، ایک لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں اور امیدواروں سے اپیل کی ہے کہ وہ قانونی ضوابط کی پابندی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ 8 نومبر 2026 کو ہونے والے ضمنی انتخابات پرامن اور منظم انداز میں منعقد کئے جاسکیں۔

(09)

پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی عبوری ضمانتوں پر سماعت ہوئی۔ سابق وفاقی وزیر اسد عمر، فواد چوہدری، مسرت جمشید چیمہ اور جمشید اقبال چیمہ حاضری کیلئے پیش ہوئے۔ اعظم خان سواتی عبوری اور حافظ فرحت عباس بھی حاضری کیلئے پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزمان کے وکلا سے ضمانتوں پر دلائل طلب کرلئے، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں علیمہ خانم اور عظمی خانم عدالت میں پیش نہیں ہوئیں، ان کے وکیل مدثر چوہدری پیش ہوئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ملک عابد حسین نے سماعت کی، جے آئی ٹی کے تفتیشی افسران نے تفتیشی رپورٹ پیش کر رکھی ہے۔ جے آئی ٹی رپورٹ کے مطابق علیمہ خانم اور عظمی خانم سمیت تمام ملزمان گناہگار قرار دیے گئے ہیں، اعظم خان سواتی، جمشید اقبال چیمہ، مسرت جمشید چیمہ، حافظ فرحت عباس، بلال اعجاز، رائے حسن نواز، علی امتیاز وڑائچ، محمد احمد چٹھہ، محمد اشرف سوہنا، رائے مرتضی اقبال سمیت دیگر نے بھی عبوری ضمانت دائر کر رکھی ہے۔ ملزمان نے مسلم لیگ ن کا آفس اور کلمہ چوک پر کنٹینر جلانے سمیت نومئی کے دیگر مقدمات میں عبوری ضمانتیں دائر کر رکھی ہیں۔

(10)

کوئلے کی فراہمی ممکن ہوگی، کوئلے کو صنعتی استعمال کے لیے بہتر بنانے کا منصوبہ شروع کر دیا گیا ہے، قومی ریلوے نیٹ ورک سے تھر کو منسلک کرنے کے منصوبے پر 68 فیصد کام مکمل ہوگیا ہے، دیگر صنعتی خریداروں کو کوئلے کی فروخت کے اخراجات بجلی صارفین کے ٹیرف پر منتقل نہیں کیے جائیں گے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ مقامی کوئلے سے کول گیسیفکیشن، میتھانول اور کیمیکلز کی تیاری میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، کوئلے کو صنعتی خام مال کے طور پر استعمال کرنے کے امکانات پر کام کیا جا رہا ہے، تھر کے قدرتی وسائل کو جدید ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کے ذریعے ملکی صنعتی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں گے، مقامی وسائل سے توانائی کے تحفظ اور معاشی خودمختاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

(11)

0 6 لاکھ روپے درکار ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹ، آرمرنگ اور اے پی سیز کیلئے 3 ارب 66 کروڑ 40 لاکھ روپے کی ضرورت ہے۔ دستاویزات میں 140 سنگل کیبن 4 بائی 4 گاڑیوں کے لیے 1 ارب 33 کروڑ روپے مانگے گئے ہیں۔ پولیس کے کاؤنٹر ٹیررڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کیلئے 10 ارب 30 کروڑ روپے، جبکہ سی ٹی ڈی ریجنل آفس وضلعی سیٹ اپس کے لیے 5 ارب 33 کروڑ روپے مانگے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق سی ٹی ڈی کی 82 سرویلنس گاڑیوں کے لیے 20 کروڑ 50 لاکھ روپے درکار ہیں۔ واضح رہے کہ مذکورہ رقم موجودہ بجٹ الاٹمنٹ سے ہٹ کر مانگی گئی ہے۔

(12)

اور آغا رحیم جعفری مجلس میں شرکت کے بعد گاڑی میں واپس آرہے تھے کہ پارسی کالونی کے قریب انہیں نشانہ بنایا گیا۔ فائرنگ سے گاڑی کے شیشے ٹوٹ گئے اور ان کے ٹکڑے لگنے سے آغا رحیم جعفری معمولی زخمی ہوگئے جبکہ ایک اور شخص بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق گاڑی ایڈووکیٹ ماجد علی بھائیو چلا رہے تھے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی جبکہ زخمیوں کو قریبی نجی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے چار خول برآمد کر لئے ہیں۔ کرائم سین یونٹ کو طلب کر کے شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں جبکہ اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی حاصل کی جارہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور فائرنگ میں ملوث ملزمان کی تلاش کی جارہی ہے۔

(13)

توجہ دی جا رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ایس ایس پی محمد بلوچ کی جانب سے ٹریفک پولیس اہلکاروں کی موجودہ یونیفارم تبدیل کر کے نئی یونیفارم فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ ڈیوٹی کے دوران فوری رسائی، موثر نگرانی اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک پولیس کو موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں بھی فراہم کی جائیں گی، تاکہ شہر کے مختلف اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک کے مسائل سے بروقت نمٹا جا سکے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیتے ہوئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ڈیجیٹل ڈیوائسز کے ذریعے چالان کرنے کا نظام بھی متعارف کرایا جائے گا، جس سے چالان کے عمل میں شفافیت، بہتری اور تیزی آئے گی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف موثر کارروائی ممکن ہو سکے گی ایس ایس پی محمد بلوچ کی جانب سے شہریوں کو ایک بڑا ریلیف فراہم کرتے ہوئے ڈرائیونگ لائسنس کی فیس میں بھی نمایاں کمی کی گئی ہے۔ پہلے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے 8 ہزار روپے فیس وصول کی جاتی تھی، جسے کم کر کے 2 ہزار 300 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ اس اقدام سے عام شہریوں کو مالی سہولت میسر آئے گی اور زیادہ سے زیادہ افراد قانونی طریقے سے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکیں گے مزید برآں شہر بھر میں ٹریفک کے نظام کو فعال رکھنے اور شہریوں کی سہولت کے لیے 100 سے زائد ٹریفک اہلکار مختلف اہم مقامات، شاہراہوں اور علاقوں میں تعینات ہیں، جو ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، رش پر قابو پانے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں ایس ایس پی محمد بلوچ کے یہ اقدامات خضدار میں ٹریفک پولیس کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے، نظام کو منظم بنانے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہیں۔ ان اقدامات سے نہ صرف ٹریفک پولیس کی کارکردگی میں بہتری آنے کی توقع ہے بلکہ شہر میں ٹریفک نظم و ضبط، قانون کی پاسداری اور محفوظ سفر کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔

(14)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی لغاری، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سعید احمد سیلاچی، یوسی چیئرمین بختیار آباد اکبر سولنگی ہیڈ ماسٹر حاجی خان اور نبی بخش ڈومکی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ جدید آئی ٹی لیب کے قیام سے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ آج کے دور میں تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید سائنسی اور آئی ٹی علوم سے آگاہی بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمارا مقصد نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانا ہے۔

(15)

نقدی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس کا شہید ملت روڈ پر مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ زخمی ملزم کی شناخت نعیم کے نام سے ہوئی ہے، جسے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ایف بی ایریا بلاک 5 میں ندی کے قریب گلبرگ پولیس کے مبینہ مقابلے میں دو ملزمان حنیف اور فہد زخمی حالت میں گرفتار ہوئے۔ ملزمان سے اسلحہ، موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ اسی طرح درخشاں پولیس نے ڈیفنس کے علاقے چھوٹا بخاری میں کارروائی کے دوران دو مبینہ ڈاکوؤں شرجیل اور سعود کو زخمی حالت میں گرفتار کیا۔ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا میں صبا سینما کے قریب پولیس مقابلے کے بعد 18 سالہ عادل زخمی حالت میں پکڑا گیا۔ گلبہار پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان عبید عرف مچھیل اور امین کو گرفتار کیا، جن میں سے ایک زخمی تھا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے دو پستول، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعوی کیا ہے۔

(16)

پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم سمیت مختلف ممالک کے سفارت کاروں، اعلیٰ سرکاری حکام، کاروباری شخصیات اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب میں جاپان ڈیفنس اتاشی نے جاپان سیلف ڈیفنس فورسز کی نمائندگی کی۔ جاپانی سفیر اکاماتسو شوئیچی نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر سید فیروز شاہ، سید ندیم عالم شاہ اور خدیجہ ندیم نے جاپانی سفیر اور ان کی اہلیہ کو یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔ تقریب کا آغاز پاکستان اور جاپان کے قومی ترانوں سے ہوا، جس کے بعد جاپانی سفیر اور مہمان خصوصی نے سالگرہ کا کیک کاٹ کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جاپانی سفیر اکاماتسو شوئیچی نے کہا کہ جاپان دنیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک دیکھنے کا خواہاں ہے اور عالمی امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کو اہمیت دیتا ہے، جاپان کی پہلی خاتون وزیراعظم ہائی ایکسی لینسی تاکائچی سانائے کی قیادت میں جاپان اور پاکستان کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور تعاون کی بنیاد پر مزید مضبوط ہوں گے۔ جاپانی سفیر نے پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو اہم قرار دیتے ہوئے دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں روابط کو مزید فروغ دینے کی امید ظاہر کی۔ تقریب میں دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات، دفاعی تعاون، سفارتی روابط اور باہمی اشتراک عمل کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم سمیت دیگر معزز مہمانوں نے جاپان کے سیلف ڈیفنس فورسز کے یوم تاسیس کے حوالے سے جاپانی عوام اور حکومت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

(17)

جانب سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں لڑکیوں کی شادی کی کم از کم قانونی عمر اب بھی 16 سال مقرر ہے، جبکہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں یہ حد 18 سال کردی گئی ہے۔ درخواست گزاروں نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ صوبائی حکومت کو کم عمری کی شادی کی روک تھام اور لڑکیوں کی شادی کی کم از کم قانونی عمر 18 سال مقرر کرنے کے لئے فوری قانون سازی اور اقدامات کی ہدایت کی جائے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ گزشتہ 2 دہائیوں کے دوران متعدد وعدوں اور اعلانات کے باوجود خیبر پختونخوا میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کیلئے موثر قانون سازی نہیں ہو سکی۔ یونیسف کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں قریباً 21 فیصد لڑکیوں کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے کردی جاتی ہے، جس کے باعث ان کی تعلیم، صحت، تحفظ اور مستقبل پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ درخواست کے مطابق کم عمری کی شادی کی روک تھام اور بچیوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے موثر قانون سازی ناگزیر ہے۔

(18)

نمبرز پر فعال ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کر دیئے، پی ٹی اے حکام کے مطابق غیر فعال اور منسوخ نمبرز پر واٹس ایپ کے ذریعے سائبر فراڈ کی شکایات سامنے آئی تھیں۔ ٹیلی کام آپریٹرز کے پاس ایک کروڑ 60 لاکھ ری سائیکل نمبرز موجود ہیں، جن میں سے پی ٹی اے نے ایک کروڑ نمبرز کی تفصیلات میٹا کو بھجوائی تھیں۔ پی ٹی اے اور میٹا کے درمیان غیر فعال نمبرز پر واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا طریقہ کار طے پاگیا ہے، جس کے تحت ہر ماہ 5 ہزار ری سائیکل نمبرز میٹا کو بھجوائے جائیں گے اور ان پر موجود اکاؤنٹس مرحلہ وار بند کیے جائیں گے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق گزشتہ سال موصول ہونے والی شکایات میں سے میٹا نے 82 فیصد حل کیں۔

(19)

لسبیلہ کی جانب سے ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی صدیق اکبر چوک لاکھڑا موڑ سے نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت جمعیت علمائے اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف، اور جے یو آئی اوتھل کے امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید و دیگر رہنماؤں نے کی۔ احتجاجی ریلی قومی شاہراہ پر گشت کرتے ہوئے کراچی بس اسٹاپ پر پہنچ کر ایک بڑے جلسے کی شکل اختیار کر گئی۔ مظاہرے کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر حکومت مخالف اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی حمایت میں نعرے درج تھے۔ احتجاجی مظاہرے میں ہزاروں کی تعداد میں جے یو آئی کے کارکنان اور عام عوام نے شرکت کی۔ جلسے کی سیکیورٹی کے فرائض جمعیت علمائے اسلام کی ذیلی تنظیم "انصار الاسلام" کے رضا کاروں اور اوتھل پولیس نے مشترکہ طور پر سنبھال رکھے تھے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی لسبیلہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف، تحصیل امیر جے یو آئی اوتھل شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید، مولانا ولی خان، مولانا سلیم چنہ، مولانا حافظ حسین احمد مدنی، مولانا محمد یامین لاسی، مولانا صالح الحقی و دیگر رہنماؤں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی نجی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنانا اسلامی، اخلاقی، قومی اور قبائلی روایات کے منافی ہے۔ لہٰذا ایسے چینل اور اس کے کرداروں کے خلاف آئین کے آرٹیکل 14 کے تحت قانونی کارروائی کی جائے، اور اس عمل کے پیچھے کارفرما قوتیں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان سے معافی مانگیں، کیونکہ یہ ایک انتہائی گھٹیا اور ناقابل معافی جرم ہے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ قائد جمعیت نے ملک میں جاری بدامنی، معاشی بحران، اور علاقائی و قومی وسائل پر امریکہ اور عالمی قوتوں کی اجارہ داری کو عوامی حقوق کا استحصال قرار دے کر قوم کے سامنے ان کا مکروہ چہرہ بے نقاب کر دیا ہے اور انہیں آئینہ دکھایا ہے۔ اس کے ردعمل میں مولانا فضل الرحمان اور قوم کے خدشات کو دور کرنے کے بجائے مولانا فضل الرحمان اور علماء کی کردارکشی کی جا رہی ہے، جبکہ مدارس اور مساجد کے علماء و ائمہ کو نوٹسز جاری کر کے ہراساں کیا جا رہا ہے۔ حکومت اور مقتدرہ ایسے ناپاک عزائم سے باز رہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں بدامنی کی خطرناک لہر دوڑ رہی ہے جس میں پولیس، پاک فوج کے جوان اور عام عوام کی جانیں غیر محفوظ ہیں، جبکہ اعلیٰ عہدیدار عیاشیوں میں مصروف ہیں۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ قوم کی جان، مال، عزت اور آبرو کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور معیشت کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ زراعت کے شعبے کو مستحکم کرنے کے لیے یوریا کھاد سمیت کسانوں کی تمام بنیادی ضروریات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں مہنگائی عروج پر ہے جس کی وجہ سے غریب عوام دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں اور خودکشیوں پر مجبور ہو چکے ہیں، لہٰذا قوم کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔

(20)

ملاقات کی تصدیق کی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کے مطابق ان اجلاسوں میں ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائیوں اور جنگ کو دوبارہ شروع کرنے سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ مشاورت کے دوران کیا فیصلے کیے گئے یا کسی نئے آپریشن کی منظوری دی گئی ہے۔ فاکس نیوز نے اپنی رپورٹ میں 9 نومبر کو مشرق وسطی میں نئے چاند کا حوالہ بھی دیا ہے۔ اس رات چاندنی نہ ہونے یا انتہائی کم ہونے کے باعث اندھیرا زیادہ ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق ایسی ماحولیاتی صورت حال بعض فوجی کارروائیوں کے لیے فائدہ مند سمجھی جاتی ہے۔ تاہم چاند کی اس کیفیت کو کسی ممکنہ امریکی حملے کی حتمی تاریخ یا کارروائی کے منصوبے کی تصدیق نہیں سمجھا جاسکتا۔ دریں اثنا اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ وہ اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ آیا ایران کے جوہری پروگرام کو دوبارہ بحال ہونے سے روکنے کے لئے مزید فوجی کارروائی ضروری ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم فیصلہ کریں گے کہ کیا ہم مزید حملے کرنا چاہتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ایران کا جوہری پروگرام مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے اور ایسا دوبارہ بھی نہیں ہوگا۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ اگر ممکن ہوا تو میں باقی ملک یعنی ایران کو تباہ نہیں کرنا چاہوں گا لیکن شاید مجھے ایسا کرنا پڑے، آپ کو جلد ہی معلوم ہوجائے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران امریکا کی منظوری کے بغیر کچھ نہیں کر رہا، ایران امریکا کی منظوری کے بغیر اپنے جوہری پروگرام سے متعلق کوئی اقدام نہیں کرسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکا کو فیصلہ کرنا ہے کہ آیا معاملے میں مزید آگے بڑھنا ہے یا اسے حتمی شکل دینی ہے۔ امریکی صدر نے دعوی کیا ہے کہ امریکی انتخابات میں اتنی زیادہ دھاندلی ہوتی ہے کہ اس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تاہم انہوں نے اس موقع پر اپنے دعوے کے حق میں کوئی مخصوص ثبوت پیش نہیں کیا۔ صدر ٹرمپ نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کی کارکردگی کو بھی سراہا اور کہا کہ انہوں نے شاندار کام کیا ہے۔ اگزیوس کے مطابق جس وقت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اپنے مشیروں کے ہمراہ آئندہ حکمت عملی پر غور کر رہے تھے، اس دوران ایران اور علاقائی ممالک کے درمیان سفارتی رابطوں میں بھی تیزی آئی، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے قطر، سعودی عرب، ترکیہ، متحدہ عرب امارات، عمان اور مصر کے ثالثوں سے ٹیلی فونک رابطے کئے۔ رپورٹ میں علاقائی ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ قطری ثالثوں نے ایرانی حکام اور وائٹ ہاؤس کے ساتھ ایک مجوزہ معاہدے کے مسودے پر بات چیت جاری رکھی، اس معاہدے کا مقصد 2 روز کے اندر فریقین کے مابین باہمی اقدامات کے ذریعے اعتماد بحال کرنا ہے۔ مجوزہ منصوبے کے مطابق پہلے روز امریکا ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرے گا اور تہران کے منجمد اثاثوں میں سے کچھ رقم جاری کرے گا، اس کے بدلے ایران باضابطہ طور پر بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کو ان جوہری تنصیبات کے معائنے کی دعوت دے گا جن پر بمباری کی گئی تھی۔ یہ اقدام ایک سال قبل قاہرہ میں طے پانے والے معاہدے کے مطابق ہوگا۔ منصوبے کے دوسرے روز آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولا جائے گا جس کے بعد ایران کے جوہری پروگرام پر مذاکرات بحال ہوں گے، ان مذاکرات میں ایران کے پاس موجود اعلی درجے تک افزودہ یورینیم کے ذخیرے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق یہ تجویز ابھی سفارتی بات چیت کا حصہ ہے اور کسی فریق کی جانب سے مجوزہ شرائط قبول کیے جانے کی کوئی اطلاعات نہیں ہیں۔ اگزیوس کو ایک امریکی عہدیدار نے بتایا کہ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) ایران پر ممکنہ نئے حملوں کی تیاریوں کو حتمی شکل دے رہی ہے تاہم اسے واشنگٹن کی جانب سے تاحال کوئی نیا حکم موصول نہیں ہوا، ممکنہ فوجی کارروائیوں میں اضافے کی وجہ مشرق وسطی میں امریکی بحریہ کے تیسرے طیارہ بردار جنگی بحری بیڑے کی آمد ہوسکتی ہے۔ امریکی بحریہ کا طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس تھیوڈور روزویلٹ اور اس کا جنگی بیڑہ ابھی سنگاپور میں چند روز قیام کرے گا، یہ بحری بیڑہ نومبر کے وسط سے پہلے سینٹ کام کے زیر انتظام علاقے میں نہیں پہنچے گا۔ علاوہ ازیں امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل نے ایران پر مختصر اور شدید حملوں کا منصوبہ تیار کرلیا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی منظوری ملنے پر کارروائی کا امکان ہے، خلیجی ممالک میں امریکی فوجی اڈوں پر تعینات ہزاروں اہلکار اور خطے میں موجود 12 سے زائد جنگی بحری جہاز ممکنہ حملوں میں حصہ لیں گے۔ ایران کے توانائی، جوہری، میزائل اور ڈرون انفراسٹرکچر کو ممکنہ اہداف میں شامل کرلیا گیا۔

(21)

نے والے الیکشن کے بعد ہی ان تین پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کرانے کی درخواست کی تھی۔ جس پر فیصلہ آج الیکشن ٹریبونل نے سنایا گیا۔

(22)

ہے کہ مالی سال 26-2025 کے لیے اراکین پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلی اپنے، اپنی شریک حیات اور زیر کفالت بچوں کے اثاثہ جات و واجبات کے سالانہ گوشوارے، 30 جون تک جمع کروائیں، گوشوارے فارم-بی پر 31 دسمبر تک الیکشن کمیشن میں جمع کرائے جائیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گوشوارے جمع کروانا الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 137 کے تحت ایک لازمی قانونی تقاضا ہے، مذکورہ قانون کے مطابق ہر رکن پر لازم ہے کہ وہ ہر سال 31 دسمبر یا اس سے قبل یہ گوشوارہ کمیشن کو جمع کرائے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق جو اراکین مقررہ تاریخ تک گوشوارے جمع نہیں کرائیں گے، الیکشن کمیشن یکم جنوری کو ایک پریس ریلیز کے ذریعے ان کے نام شائع کرے گا، کوئی رکن 15 جنوری تک بھی گوشوارہ جمع نہیں کراتا تو کمیشن 16 جنوری کو حکم نامے کے ذریعے اس کی رکنیت معطل کردے گا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اگر کسی رکن کا جمع کرایا گیا گوشوارہ اہم معلومات کے لحاظ سے غلط ثابت ہوتو اس کے خلاف بدعنوانی کے جرم میں کارروائی کی جاسکتی ہے۔

(23)

موجودگی اور تمام عہدوں کے لیے اتفاق رائے سے انتخاب عمل میں لایا گیا شرکا نے الیکشن کمیٹی کی شفاف اور غیر جانبدارانہ کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی ہمیشہ جمہوری اقدار کی پاسداری کرتی آئی ہے انتخابات کے نتیجے میں مفتی محمد جان قاسمی کو صوبائی صدر منتخب کیا گیا۔ جبکہ علامہ شمس الضحی قادری کو جنرل سیکرٹری اور علامہ عبدالحکیم انقلابی کو سینئر نائب صدر منتخب کیا گیا۔ اس کے علاوہ دیگر عہدوں پر بھی اہل اور متحرک رہنماں کا انتخاب عمل میں لایا گیا نو منتخب صوبائی سینئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انقلابی ڈیرہ مراد جمالی پریس کلب میں بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی اہل سنت و جماعت کی نمائندہ جماعت ہے جو ہمیشہ دین کی سربلندی، ناموس رسالت کے تحفظ، اتحاد اہل سنت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے اس موقع پر ضلعی صدر جے یو پی میر بھورل خان رند جنرل سیکرٹری لعل محمد نیچاری سینیر نائب صدر قمرالدین کھیازئی نے علامہ عبدالحکیم انقلابی کو پھولوں کے ہار اور مٹھائی کھلا کر مبارکباد پیش کی انہوں نے کہا کہ وہ تمام ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے اور جماعت کو صوبے کے ہر ضلع اور تحصیل تک مضبوط کریں گے انہوں نے کہا کہ مدارس دینیہ کے تحفظ، علمائے کرام کی عزت و وقار، نوجوانوں کی دینی تربیت اور معاشرے میں امن و بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی عوام کی آواز ہے اور وہ مظلوموں کی حمایت اور ظلم کے خلاف ڈٹ کر کھڑی رہے گی۔

(24)

کیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واردات میں پانچ افراد ملوث تھے جو لسبیلہ یونیورسٹی کے موجودہ یا سابق طالب علم ہیں۔ ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ فروری 2015 میں ہونے والی ڈکیتی کے مبینہ ماسٹر مائنڈ زوہیب بھی لسبیلہ یونیورسٹی کا طالب علم ہے۔ ان کے مطابق پولیس نے تحقیقات کے دوران پانچ ملزمان کی شناخت کی جن میں زوہیب، بلال اکرم، مرتضی، جواد اور بلال حمید شامل ہیں۔ پولیس کا دعوی ہے کہ ان پانچوں نے ڈکیتی کی منصوبہ بندی بھی خود کی اور اسے انجام بھی خود دیا۔ ایس ایس پی کے مطابق تین ملزمان پکڑے گئے ہیں جبکہ باقی ملزمان کی گرفتاری اور لوٹی گئی رقم کی مزید برآمدگی کے لیے کارروائی جاری ہے۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ زوہیب کو خفیہ اطلاع پر حراست میں لیا گیا اور ان کے قبضے سے ایک بندوق برآمد ہوئی جس پر الگ مقدمہ درج کیا گیا۔ ان کے مطابق بعد ازاں تفتیش کے دوران زوہیب نے ڈکیتی میں ملوث دیگر افراد اور رقم کی تقسیم کی تفصیلات بتائیں۔ ایس ایس پی کے مطابق زوہیب کے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات پولیس کے لیے اہم ثابت ہوئیں۔ ڈکیتی سے پہلے ان کے اکاؤنٹ میں چند ہزار روپے کے لین دین ہوتے تھے لیکن گزشتہ ڈیڑھ سال میں تقریباً 17 کروڑ روپے کی ٹرانزیکشنز سامنے آئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ رقم کی منتقلی میں کرشنا نامی مقامی کاروباری شخص کا اکاؤنٹ بھی استعمال ہوا جس کے ذریعے تقریباً پونے تین کروڑ روپے کی ٹرانزیکشنز کی گئیں۔

(25)

صفائی انتہائی اہم ہے، اپنے برانڈ کو اعلی ترین معیار پر رکھنا ضروری ہے، طیاروں کو بہترین حالت میں برقرار رکھنا ہماری ترجیح ہے۔ ایڈرین ہملٹن مانز نے کہا کہ یہ اس عمل اور رفتار کا آغاز ہے جس کے ذریعے طیاروں کو بہترین حالت میں برقرار رکھا جائے گا۔ سی ای او نے پی آئی اے میں صفائی، معیار اور سروس کے اعلی معیارات کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھنے کا عزم کیا۔ صفائی کے عمل میں نمایاں کردار ادا کرنے والے ملازمین میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے جبکہ بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا۔

(26)

نے کہا کہ ہمارے لیڈر چین جائیں، امریکا جائیں ہر جگہ استقبال ہوتا ہے، سعودی عرب اور ایران دونوں ہماری بات سنتے ہیں۔ فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ امریکا ہماری بات کو اہمیت دیتا ہے، ہمیں یہ پوزیشن برقرار رکھنی چاہیے، ہمیں ملک کے اندرونی حالات ٹھیک کرنے چاہئیں، سیاسی ماحول کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 4 سال میں ملک میں تلخی بہت بڑھ گئی ہے، پیٹرول 400 روپے ہو گیا، مہنگائی سے عوام کی تکلیف میں اضافہ ہوا، حالات ایسے ہی رہے تو حکمران طبقے کو جو سہولتیں حاصل ہیں وہ بھی ختم ہو جائیں گی، ملک اب تک اپنے خاص طبقے کو پالتا رہا ہے، اگر ہم نے اپنی چیزوں پر نظرثانی نہ کی تو ان کو پالنا بھی مشکل ہو جائے گا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف، تحریک تحفظ آئین کی قیادت اور سلمان اکرم راجہ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں، پی ٹی آئی کی جو قیادت کوٹ لکھپت جیل میں قید ہے ان سے مذاکرات کیے جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر زیر حراست رہنماؤں سے بات کی جائے، حماد اظہر سمیت دیگر رہنماں کے ساتھ نرمی کا رویہ اختیار کریں، زیر حراست پی ٹی آئی قیادت کو ریلیف دیا جائے تو مذاکرات کامیاب ہو سکتے ہیں۔ فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن صرف سیاسی نہیں مذہبی رہنما بھی ہیں، حکومت کو ان سے متعلق اپنی پالیسی پر نظرثانی کرنی چاہیے، مولانا فضل الرحمٰن اپنے تلخ بیانات واپس لیں اور حکومت بھی مثبت سمت میں قدم بڑھائے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے محسن نقوی نے نئے صوبوں کی بات کی، ن لیگ نے ان کے خلاف مہم شروع کردی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی نئے صوبوں کے خلاف ہیں، تحریک انصاف نئے صوبوں کی حامی ہے، حکومت ان سے بات کرے۔

(27)

کورس کی اختتامی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے، جس میں مختلف سروس گروپس سے تعلق رکھنے والے 46 افسران نے 16 ہفتوں کی تربیت مکمل کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تیزی سے بدلتی عالمی صورتحال اور مصنوعی ذہانت کے دور میں اداروں اور قوموں کے لیے خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔ نوکیا اور بلیک بیری جیسی کمپنیوں کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو ادارے وقت کے ساتھ خود کو تبدیل نہیں کرتے، وہ مٹ جاتے ہیں۔ پاکستان کو دنیا میں وقوع پزید تبدیلیوں سے متاثر ہونے کے بجائے اسے اپنی ترقی کے لیے ایک موقع بنانا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پائیدار قومی ترقی کے لیے امن و امان، سیاسی استحکام، کم از کم دس سال تک پالیسیوں کا تسلسل اور بنیادی اصلاحات سے مستقل وابستگی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک 2017 میں ترقی کے سفر پر گامزن ہو چکا تھا اور وژن 2025 کے تحت ریکارڈ ترقی ہوئی، تاہم 2018 میں سازش کے ذریعے پاکستان کی ترقی کے عمل کو سکڈ میزائل سے نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 2022 میں ملک دیوالیہ ہونے کے دہانے پر پہنچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان معاشی بحران سے نکل کر استحکام کی جانب گامزن ہے

(28)

خواتین کی لاشیں فوری طور پر اسپتال منتقل کردی گئی ہیں، جبکہ فائرنگ سے زخمی ہونے والے بیٹے کو بھی طبی امداد کے لیے اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹرز کے مطابق اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ دریں اثنا، اس دلخراش واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی۔ فوٹیج میں گھر کے اندر فائرنگ اور خواتین کی خوف سے چلانے کی آوازیں واضح طور پر سنی جاسکتی ہیں۔ فوٹیج کے مطابق فائرنگ کے بعد ایک ملزم کو اطمینان سے موٹر سائیکل پر فرار ہوتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اندوہناک واقعے کی فائرنگ کی آوازیں سن کر خوفزدہ علاقہ مکین بڑی تعداد میں گلی میں باہر نکل آئے، جبکہ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

(29)

معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہیں سیف سٹی منصوبے کے تحت نصب جدید کیمروں، مانیٹرنگ سسٹم اور دیگر سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ڈی آئی جی پولیس نے کہا کہ جدید سیف سٹی سسٹم جرائم کی روک تھام، مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے ضلع میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے، عوامی خدمت اور پولیسنگ کے نظام کو موثر بنانے کے لیے ایس پی شالی ڈیرہ بگٹی سردار محمد ہاشم کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور اقدامات کو بھی سراہا۔ ڈی آئی جی پولیس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جدید ٹیکنالوجی، بہتر نگرانی اور پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کیے جائیں گے۔

(30)

۔ مسافر کے قبضے سے یو این ایچ سی آر کارڈ اور پناہ کی درخواست برآمد ہوئی، ابتدائی پوچھ گچھ میں افغانستان کے راستے بیرون ملک جانے اور بھارتی شناخت ظاہر کر کے انڈونیشیا میں پناہ کی درخواست دینے کا انکشاف بھی ہوا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر شہاب حسین ولد یوسف علی، رہائشی کوئٹہ، مشتبہ طور پر افغان شہری ہونے کے شبہے میں مزید تحقیقات کیلئے متعلقہ سرکل منتقل کر دیا گیا۔

(31)

کاغذات نامزدگی متعلقہ ریٹرننگ افسران کے پاس جمع کروا سکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے ہدایت کی ہے کہ تمام امیدوار مقررہ تاریخ تک اپنے کاغذات نامزدگی مکمل دستاویزات کے ساتھ جمع کروائیں۔

(32)

جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پارکنگ میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی شناخت کی کوششیں جاری ہیں۔ پولیس نے مقتول کی نعش کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا ہے، جبکہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

(33)

ے غلط ثابت ہوئے، مفروضے دھڑام سے زمین بوس ہو گئے اور آپ کی تزویراتی غلطیاں عیاں ہو گئیں۔ یہ سب اس لیے ہوا کہ آپ نے ایران کو بنیادی طور پر غلط سمجھا اور اس سے بھی بڑھ کر ایرانی قوم کی ثابت قدمی، عزم اور قومی فخر کو سمجھنے میں ناکام رہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ امریکی عوام نے انتخابی نتائج کے ذریعے اپنے حکام کو واضح پیغام دے دیا ہے، اگر امریکی حکومت حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی خطرناک پالیسی پر قائم رہی تو اس کی غلطیوں کے نتائج ماضی کے تمام تجربات سے زیادہ سنگین ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران ایسی قوم نہیں جسے تکبر اور دھمکیوں سے مرعوب یا جارحیت کے ذریعے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جاسکے۔

(34)

ے غلط ثابت ہوئے، مفروضے دھڑام سے زمین بوس ہو گئے اور آپ کی تزویراتی غلطیاں عیاں ہو گئیں۔ یہ سب اس لیے ہوا کہ آپ نے ایران کو بنیادی طور پر غلط سمجھا اور اس سے بھی بڑھ کر ایرانی قوم کی ثابت قدمی، عزم اور قومی فخر کو سمجھنے میں ناکام رہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ امریکی عوام نے انتخابی نتائج کے ذریعے اپنے حکام کو واضح پیغام دے دیا ہے، اگر امریکی حکومت حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی خطرناک پالیسی پر قائم رہی تو اس کی غلطیوں کے نتائج ماضی کے تمام تجربات سے زیادہ سنگین ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران ایسی قوم نہیں جسے تکبر اور دھمکیوں سے مرعوب یا جارحیت کے ذریعے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جاسکے۔

(35)

گفتگو کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے باعث عوام کی توجہ پارٹی کی جانب بڑھ رہی ہے۔ ان کے مطابق پارٹی قیادت کی پالیسیوں اور سیاسی و عوامی کردار کے باعث سیاسی و سماجی حلقوں میں مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم پر کام کرنے میں دلچسپی پیدا ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں کو مزید منظم اور فعال بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شمولیت کے خواہشمند افراد سے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے اور جلد باقاعدہ شمولیتی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ جمال شاہ کاکڑ کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) کو صوبے کے تمام اضلاع اور علاقوں میں فعال بنانے، کارکنوں کو متحرک کرنے اور عوام کے ساتھ رابطوں کو مضبوط کرنے کے لیے تنظیمی سطح پر کام جاری رکھا جائے گا۔ پارٹی میں نئے شامل ہونے والے افراد کو خوش آمدید کہا جائے گا اور انہیں تنظیمی و سیاسی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

(36)

افغان لڑکیاں ثانوی تعلیم سے محروم ہو چکی ہیں۔ طالبان رجیم کی پابندیوں کے باعث نہ صرف لڑکیاں تعلیم سے محروم ہیں بلکہ لڑکوں کے داخلوں میں بھی نمایاں کمی ہوئی۔ افغانستان کے اسکولوں کی صورتحال انتہائی ابتر، بنیادی سہولیات، تربیت یافتہ اساتذہ اور معیاری تعلیمی وسائل کی شدید قلت ہے۔

(37)

پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، خطے میں پائیدار امن کا دارومدار مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل پر ہے۔ انہوں نے بھارت سے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات واپس لینے کے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری وادی میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان امن پسند ملک ہے لیکن قومی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

(38)

چیف سیکرٹری نے کہا کہ تعلیم صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی لائی جائے اور تمام منصوبے مقررہ وقت اور معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سکولوں کے قیام کے ساتھ ہی اساتذہ اور دیگر عملے کی تعیناتی کے لیے اشتہارات جاری کیے جائیں تاکہ تعمیر مکمل ہوتے ہی بچوں کو تعلیمی سہولت فراہم کی جا سکے اور کسی قسم کا وقت ضائع نہ ہو۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ژوب، قلعہ سیف اللہ، راڑہ شم، صحبت پور، خضدار، بیکڑ اور سیوی میں دانش سکولوں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی نگرانی کی جائے اور رکاوٹوں کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں معیاری تعلیم تک بچوں کی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ہر بچے کو محفوظ، باوقار اور جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری سکولز لعل جان جعفر اور متعلقہ سینئر آفیسران نے شرکت کی۔

(39)

امیر و سینئر نائب امیر کوئٹہ مولانا خورشید احمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب ایوبی، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ، مولانا شعیب جدون، حاجی صالح محمد، حاجی قاسم خلجی، عبدالصمد ہتھیار، صفی اللہ مینگل نے اپنے مشترکہ بیان میں جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما، ممتاز قانون دان اور سینیٹر کامران مرتضی کے گھر پر دھاوا بولنے، اہل خانہ کو ہراساں کرنے اور چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹر کامران مرتضی کا قصور آخر کیا ہے؟ کیا قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے مقف کا مدلل دفاع کرنا، بے بنیاد الزامات کا آئینی و قانونی دلائل سے جواب دینا اور حق و سچ کی ترجمانی کرنا جرم بن چکا ہے؟ اگر یہی جرم ہے تو جمعیت علما اسلام اپنے مقف سے بھی دستبردار نہیں ہوگی۔ رہنماں نے کہا کہ 4 نومبر کو تقریباً چالیس نامعلوم افراد نے سینیٹر کامران مرتضی کے گھر کا گھیرا کر کے مرکزی دروازے پر لاتیں ماریں، دیواروں پر چڑھ کر گھر کے اندر کی تصاویر بنائیں اور اہل خانہ کو خوف و ہراس میں مبتلا کیا۔ بعد ازاں ان کے آبائی گھر کا بھی گھیرا کیا، دروازوں پر لاتیں ماریں اور چھت پر چڑھ گئے۔ اس وقت گھر میں ان کے چھوٹے بھائی عدنان سمیت خواتین اور بچے موجود تھے۔ شناخت دریافت کرنے پر مذکورہ افراد نے اپنی شناخت ظاہر کرنے سے انکار کیا اور مبینہ طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کہنے پر آنے کا دعوی کیا۔

(40)

کے درمیان اور اپنے ملک کی سرزمین پر مرنا پسند کریں گی۔ تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ وہ بھارت سے بنگلہ دیش کیسے واپس پہنچیں گی۔ شیخ حسینہ اگست 2024 میں طلبہ کی قیادت میں ہونے والے بڑے عوامی احتجاج کے نتیجے میں اقتدار سے بے دخل ہونے کے بعد بھارت چلی گئی تھیں۔ ان کی حکومت کے خلاف احتجاج کے دوران سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں بڑی تعداد میں افراد ہلاک اور زخمی ہوئے تھے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق اس تحریک کے دوران تقریباً 1400 افراد مارے گئے۔

(41)

ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مولانا اسعد محمود کا کہنا تھا کہ جمعیت علمائے اسلام کی عزت اور وقار کا خیال اس جماعت کے نوجوان رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بعض لوگوں نے جمعیت علمائے اسلام کی غیرت کو للکارا ہے، تاہم جماعت کے نوجوان اپنی قیادت اور جماعت کی عزت کا دفاع کرنا جانتے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ اب ہمارے ہاتھ اور جسم بھی خارش کر رہے ہیں اور ہماری روح بھی بے چین ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان شاء اللہ، جماعت اپنے مقف پر قائم رہے گی۔ مولانا اسعد محمود نے حکمرانوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ بظاہر عوام کے سامنے حکمرانی کرتے دکھائی دیتے ہیں، انہیں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ خود معصوم ہیں۔ دوسری جانب سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ نہ چھیڑ ملنگاں نوں! اگر میرے گھر کے اندر جھانکو گے تو اس آنکھ کو نیزے سے پھوڑ دیا جائے گا، شریعت میں ایسی آنکھ کو پھوڑنے کا کوئی قصاص نہیں، نواز شریف کو کرپشن پر 10 سال ملک سے باہر رکھا، آصف زرداری کو 8 سال جیل میں رکھا لیکن آج وہ حکمران ہیں، ان کی کوئی اقدار نہیں ہے۔ وہ اسلام آباد میں طلبا کنونشن سے خطاب کررہے تھے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ نہ چھیڑ ملنگاں نوں! یہ ہمیں اشتعال دلانا چاہتے ہیں، ہم مشتعل نہیں ہونگے۔ لیکن ایک حد ہوتی ہے، اگر میرے گھر کے اندر جھانکو گے تو پھر اس آنکھ کو نیزے سے پھوڑ دیا جائے گا۔ شریعت میں اگر کوئی آپ کے گھر کے اندر جھانکتا ہے تو اس کی آنکھ پھوڑنے کا کوئی قصاص نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ نواز شریف کو آپ نے دس سال ملک سے باہر رکھا، کرپشن کے الزام میں، آج وہ حکمران ہے۔ آصف زرداری کو آٹھ سال جیل میں رکھا، کہا کہ کرپٹ ہے، آج وہ صدر ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آج آپ کو اندازہ لگتا ہوگا کہ دھاندلی کرنے والے اور دھاندلی کے ذریعے اقتدار میں لانے والے کس کیٹیگری کے لوگ ہیں، ان کا کوئی اقدار نہیں ہے، یہ خود اپنی ذات میں عزت والے نہیں ہیں، یہ طاقت کے بل بوتے پر رویوں کا تعین کرتے ہیں، اخلاق کی بنیاد پر نہیں کرتے۔

(42)

15 اور 16 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ نائب وزیراعظم نے اجلاس کی تیاریوں میں ہونے والی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے کامیاب اور خوش اسلوبی سے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے باہمی قریبی رابطہ اور مثر تعاون برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے ای سی او کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ اجلاس میں شرکت کرنے والے وفود کا اسلام آباد میں خیر مقدم کیا جائے گا اور علاقائی تعاون کے فروغ کے حوالے سے نتیجہ خیز تبادلہ خیال ہوگا۔ اجلاس میں وزارت خارجہ کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

(43)

وفد جس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ شامل تھے نے دھرنا کمیٹی کے رہنماں کے ساتھ تفصیلی مذاکرات کیے اور ان کے تمام جائز مطالبات پر فوراً عملدرآمد کی کامل یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اور حکومت تمام مسائل کا حل باہمی گفتگو کے ذریعے نکالنے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دھرنا شرکا کے مطالبات پر عملدرآمد کے لیے ضلعی انتظامیہ کو فوری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ وزیر داخلہ نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور صوبے میں امن و امان کی مکمل بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خطے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام طبقات کو مل کر سیکیورٹی فورسز کا ساتھ دینا ہوگا۔

(44)

تحقیق رانا تنویر حسین اور ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو کے درمیان ملاقات میں لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی، ویکسین کی مقامی تیاری اور تکنیکی تربیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مجوزہ پروگرام کے تحت 100 پاکستانی افراد کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ ہے جس کے پہلے مرحلے میں 30 افراد کو تربیت کے لئے ترکیہ بھیجا جائے گا۔ ترکیہ کی تکنیکی معاونت سے پاکستان میں منہ کھر بیماری سے بچاؤ کی ویکسین تیار کی جائے گی، مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری اور جانوروں کی بہتر صحت کے اقدامات سے بیماری سے پاک زونز کے قیام اور گوشت کی برآمدات میں اضافے میں مدد ملے گی۔

(45)

نے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لانج کی تعمیر کا مقصد عالمی معیار کی ریاستی مہمان نوازی کی سہولتیں فراہم کرنا اور غیر ملکی سربراہان مملکت سمیت اعلی سطح کے وفود کے لئے پروٹوکول انتظامات کو مزید بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی اور شجرکاری بھی کی۔ تقریب میں سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ایئر وائس مارشل شاہد افضال، چیف آپریٹنگ افسر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ آفتاب گیلانی اور دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔ پی اے اے کے مطابق نئے اسٹیٹ لانج کی تعمیر اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاستی مہمان نوازی اور پروٹوکول کی سہولتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے غیر ملکی سربراہان مملکت اور اعلی سطح کے وفود کو بہتر سہولتیں میسر آئیں گی، جبکہ پاکستان آنے والے معزز مہمانوں کے استقبال اور میزبانی کے انتظامات بھی مزید موثر بنائے جا سکیں گے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا کہنا ہے کہ یہ اقدام ملک کے ہوائی اڈوں پر سہولتوں کو جدید بنانے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق خدمات فراہم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

(46)

دیگر شہروں میں دکانیں سیل کرنے کے اقدامات اور میڈیا ٹرائل کو حکومتی بوکھلاہٹ اور سیاسی انتقامی کارروائیاں قرار دیا گیا، اجلاس گلشن شہید میں جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں علامہ ناصر محمود سومرو، مولانا محمد صالح انڈھڑ، مولانا محمد رمضان پھلپوٹو، مولانا عبداللہ مہر، مولانا عبدالحمید مہر، گل محمد انقلابی، مولانا شمس الدین بھیری، مولانا سلیم اللہ بروہی اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے فارم 47 کی حکومت، صوبوں کی وحدت، این ایف سی ایوارڈ، اٹھارہویں آئینی ترمیم اور صوبوں کے معدنی وسائل پر قبضے کی سازشوں کے خلاف آواز اٹھانے پر انتقامی کارروائیاں کی جا رہی ہیں تاہم جے یو آئی آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی،

قلعہ عبداللہ دھرنا کمیٹی اور حکومتی وفد کے درمیان مذاکرات کامیاب، شاہراہ کھول دی گئی

مطالبات پر معلدہ آمد کی بنیاد پر دھرنا ملتوی، ہائی کمشنر، کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کی یقین دہانی

کوئٹہ (بی زیبائے ایم) صوبائی وزیر اطلاعات میر ضیاء اللہ لانگو کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی حکومتی وفد اور دھرنا کمیٹی کے درمیان طویل مذاکرات کی کامیابی کے بعد قلعہ عبداللہ کے علاقے خشکی زیارت کے مقام پر جاری دھرنا ختم کر کے شاہراہ کو تمام گاڑیوں کی آمد و رفت کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ حکومتی (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

ان حکمرانوں کو کچھ نہیں کہنا جو بظاہر سامنے ہیں، یہ معصوم ہیں، مولانا اسعد محمود

تاری جماعت کے نوجوان اپنی قیادت اور جماعت کی عزت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، اجتماع سے خطاب

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) جمعیت علمائے اسلام ف(ف) کے رہنما اور مولانا فضل الرحمٰن کے بیٹے مولانا اسعد محمود نے حکمرانوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بظاہر سامنے نظر آنے والے حکمرانوں سے کچھ نہیں کہنا چاہیے کیونکہ یہ معصوم ہیں، اصل صورتحال کچھ اور ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاتھ، جسم اور روح خارش کر رہی ہیں اور کسی بھی وقت حکم آ سکتا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 41)



سینئر کامران مرتضیٰ کے گھر پر چھاپے اور ہراساں کرنے کی شدید مذمت

چادر و چاردیواری کے تقدس کی پامالی اور وقت کے تقاضوں سے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (بی زیبائے ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، مرکزی کمیل فقہی کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل اور ضلع کونسل کوئٹہ کے سابق چیئرمین حاجی محمد زمان خان، ضلعی ناظم عمومی حاجی عبدالصمد، صوبائی نائب (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

بلوچستان میں دانش سکولوں کی تعمیر تیز کرنے کی ہدایت

دانش سکولوں کی تعمیر معتبر ذرائع اور معیار کے مطابق عمل کی جائے، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان

کوئٹہ (ر ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ اضلاع میں سکولوں کی تعمیر میں ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

نومبر 1947 میں جموں کے بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام انسانی تاریخ کا المناک سانحہ، وزیر ریلے

عالمی برادری وادی میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، حنیف عباسی

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) وفاقی وزیر ریلے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ نومبر 1947 میں جموں کے بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام انسانی تاریخ کا المناک سانحہ ہے، شہدا کی عظیم قربانیاں تحریک آزادی کا روشن باب ہیں۔ یوم شہدائے جموں کا موقع پر اپنے خصوصی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے رابطے جاری ہیں، ن لیگ

مسلم لیگ بلوچستان میں شمولیتوں کا نیا سلسلہ شروع کرنے جا رہی ہے

کوئٹہ (یوائین پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں مسلم لیگ (ن) میں شمولیتوں کا سلسلہ ایک بار پھر شروع ہونے جا رہا ہے، مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے رابطے جاری ہیں اور آنے والے دنوں میں نئے شمولیتی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ پارٹی وفد سے ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ایران پر حملہ امریکا کو شکست سے دوچار کرے گا، اسماعیل بقائی

امریکی عوام نے انتخابی نتائج کے ذریعے اپنے حکام کو واضح پیغام دے دیا ہے

تہران (بی زیبائے ایم) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد واشنگٹن کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران پر حملہ امریکا کو شکست نہیں بلکہ شکست سے دوچار کرے گا۔ ایس پر جاری بیان میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی حکومت نے لاکھ اور سمجھ کے زیر اثر، اور ایک دھوکے باز حکومت کے مفادات کے ظاہر اپنے ملک کو ایران کے خلاف غیر قانونی اور جوہانے جنگ میں جھونک دیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے تمام اندازے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ: جیزبر میں پیلک کاجنس گیمز اور کبی صوبائی اسکیل سماجی اصفرخان ترین کنبا کبڈی میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم کے کھلاڑی ٹرافی کے ساتھ گروپ فوٹو

امن و امان کے قیام کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے، ڈی آئی جی پولیس کوہ سلیمان

سیف سٹی کیمروں اور مانیٹرنگ سسٹم سے عوام کے جان و مال کا تحفظ مزید مؤثر بنایا جائے گا، ایاز احمد بلوچ

شکار ایاز احمد بلوچ کا شکار ڈیرہ غازی کے علاقے میں ڈی آئی جی پولیس کوہ سلیمان رنج ایاز احمد بلوچ نے ضلع شکار ڈیرہ غازی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ سیف سٹی پولیس سسٹم اور کنٹرول روم کا تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

سول سروس ریاست کا مستقل ستون ہے، احسن اقبال

پاکستان کو 2035 اور اس سے آگے لے جانے کی دہ داری نئی نسل کے اشتراں پر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ سیاسی تحریکیں آتی اور جاتی رہتی ہیں، لیکن سول سروس ریاست کا مستقل ستون ہے، اور پاکستان کو 2035 اور اس سے آگے لے جانے میں سرکاری افسران کا کردار کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ وہ بیشن آئسی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی مینجمنٹ اسلام آباد میں 40ویں سینئر مینجمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

حکومت و مولانا فضل الرحمٰن سے متعلق اپنی پالیسی پر نظرثانی کرنی چاہیے، فواد چوہدری

جب محسن نقوی نے نئے صوبوں کی بات کی، ان لیگ نے ان کے خلاف مہم شروع کر دی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (بی زیبائے ایم) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کو مولانا فضل الرحمٰن سے متعلق اپنی پالیسی پر نظرثانی کرنی چاہیے، پاکستان نے چند سال میں عالمی سطح پر بے پناہ پوزیشن حاصل کر لی ہے، آج جو مقام ہمارے لیڈر کو دنیا میں مل رہا ہے اس کی مثال کم ملتی ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پی آئی اے کا فضائی بیڑے میں شامل طیاروں کی ڈیپ کلیننگ کا آغاز

صفائی کے عمل میں نمایاں کردار ادا کرنے والے ملازمین میں شیڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے

کراچی (بی زیبائے ایم) پی آئی اے نے طیاروں کی صفائی اور بہتر حفظان صحت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے خصوصی وجود دیتے ہوئے فیصلہ کیا ہے کہ اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق



پاکستان اور برطانیہ کا دہشتگردی سمیت سنگین جرائم کیخلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

برطانوی وزیر مملکت سیکیورٹی ڈین جارونس کی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے ملاقات، دوطرفہ سیکیورٹی تعاون کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا

دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان قائم ورکنگ گروپ کا اجلاس جلد بلانے پر بھی اتفاق

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) پاکستان اور برطانیہ نے انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، سائبر کرائم، غیر قانونی امیگریشن، ناردا، کوسٹ گارڈز اور تربیتی پروگراموں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق برطانوی وزیر مملکت برائے سیکیورٹی ڈین جارونس نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر دوطرفہ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)



کوئٹہ: بلوچستان بار کونسل کے چیئرمین حاجی محمد خان مندوخیل کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس اقبال کاسی، منیر احمد کاکڑ، جاوید اختر بھنڈری، ناز، بھنڈری، بلاز، خان مندوخیل، افضل حریفال، نجیب الدین آغا اور میر فہید مینگل خطاب کر رہے ہیں

تمر کے کوئے و بگل کی پیداوار سے آگے بڑھا کر صنعتی ترقی کا ذریعہ بنایا جا رہا ہے، شرمیل

تمر کول بلاک کی سالانہ پیداواری صلاحیت 7.6 ملین ٹن سے بڑھا کر 11.2 ملین ٹن کر دی گئی

کراچی (بی زیبائے ایم) سندھ کے سینئر وزیر شرمیل انعام میمن نے کہا ہے کہ تمر کے کوئے کو کچے کی پیداوار میں سالانہ 3.6 ملین ٹن کا اضافہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تکنیکی تحریروں کے ساتھ ساتھ تمر کول بلاک ڈی کی سالانہ پیداواری صلاحیت 7.6 ملین ٹن سے بڑھا کر 11.2 ملین ٹن کر دی گئی، کوئے کی پیداوار میں سالانہ 3.6 ملین ٹن کا اضافہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تکنیکی تحریروں کے ساتھ ساتھ تمر کول بلاک ڈی کی سالانہ پیداواری صلاحیت (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

پی ٹی آئی کو اپنے لیے راستہ خود نکالنا پڑیگا، شوکت یوسفزئی

سیاسی اسپیس کسی کے سہارے نہیں ملے گی، میں نہیں سمجھتا کہ گورنر راج زیادہ دیر تک چل سکتا ہے

حکومت ہی ختم کر دی گی۔ ایک انتونو میں انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ گورنر راج زیادہ دیر تک چل سکتا ہے، یہ کس کھاتے میں سڑکوں کا افتتاح کر رہے ہیں؟ پی ٹی آئی کو اپنے لیے راستہ خود نکالنا پڑیگا، شوکت یوسفزئی سیاسی اسپیس کسی کے سہارے نہیں ملے گی، میں نہیں سمجھتا کہ گورنر راج زیادہ دیر تک چل سکتا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ضمنی انتخابات کی انتخابی مہم آج رات 12 بجے ختم ہوگی، الیکشن کمیشن

انتخابی مہم ختم ہونے کے بعد جلسے اور جلوسوں پر پابندی ہوگی، الیکشن کمیشن

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ 4 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 203 لاہور ل VI میں ضمنی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اور سیاسی جماعتوں سے کہا ہے کہ وہ 6 اور 7 نومبر کی درمیانی شب تک انتخابی مہم ختم کر دیں۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جمعہ کو جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق دونوں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

افغانستان میں تعلیمی بحران سنگین، 26 لاکھ سے زائد افغان لڑکیاں ثانوی تعلیم سے محروم

کابل (بی زیبائے ایم) افغانستان میں ایک کروڑ 15 لاکھ بچوں میں سے 70 لاکھ، جبکہ 53 لاکھ بچیے اسکولوں سے باہر ہیں۔ اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں یونیسف اور یونیسکو نے کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم کی پابندیوں کے باعث ایک 26 لاکھ سے زائد (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

پشاور، ناردا کے ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر فہد فائرنگ سے جاں بحق

پشاور (بی زیبائے ایم) پشاور کے علاقے حیات آباد میں نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ کے نتیجے میں ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر ناردا فہد قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق افسوسناک واقعہ ناردا آفس کی پارکنگ میں پیش آیا، جہاں نامعلوم ملزمان نے فہد کو نشانہ بناتے ہوئے فائرنگ کی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات، کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی تاریخ میں 8 نومبر تک توسیع

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) اسلام آباد کی حکومت نے بلدیاتی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ میں دو دن کی توسیع کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق نوٹیفکیشن مورخہ 8 نومبر 2026 تک اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

آسٹریلیا جانے والا مسافر مشتبہ افغان شہری نکلا، ایف آئی اے کی تحقیقات میں انکشافات

کراچی (بی زیبائے ایم) ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے آسٹریلیا روانہ ہونے والے مسافر شہاب حسین کی شناخت اور سفری ریکارڈ میں اہم تضادات سامنے آنے پر اسے مزید تفتیش کے لیے اپنی ہیومن ٹریفکنگ سرکل منتقل کر دیا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کراچی، نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے ماں بیٹی قتل، بیٹا زخمی، ملزمان فرار

کراچی (بی زیبائے ایم) کراچی کے علاقے گلشن حدید میں نامعلوم مسلح ملزمان کی گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ماں اور بیٹی موقع پر ہی جاں بحق جبکہ ان کا بیٹا شدید زخمی ہو گیا۔ واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق فائرنگ کا نشانہ بننے والی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

بے یو آئی رہنماؤں کے خلاف کارروائیاں سیاسی انتقام ہیں، بے یو آئی سندھ

جیکب آباد (اے ایس این) جمعیت علما اسلام سندھ کے اجلاس میں مولانا فضل الرحمٰن کے بھائی راشد محمود سومرو کے گھر کی دیوار کو فوجی بنانے، مفتی اسعد محمود کو نمبر، ایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ کے رہائشی گاؤں میں گھس کر چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کرنے سمیت پنجاب، کوئٹہ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

شیخوپورہ سے آئل ٹینکر پھٹنے سے جھلسنے والے 2 افراد جاں بحق

شیخوپورہ (بی زیبائے ایم) شیخوپورہ کے علاقے ماچھی کے میں آئل ٹینکر پھٹنے سے جھلسنے والے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق آئل ٹینکر سے پیٹرول لیک ہو رہا تھا اس کے باوجود ڈرائیور نے ویلڈنگ شروع کر دی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ آئل ٹینکر میں آگ لگی اور وہ زور دار دھماکے سے پھٹ گیا۔



کوئٹہ: صوبائی وزیر اطلاعات میر ضیاء اللہ لانگو محمد عبداللہ مندوخیل اور دیگر پریس کلب کی نمائندوں کی عہدیداران سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد ایئرپورٹ پر بندر کی اچانک انٹری، مسافر حیران، ویڈیو وائرل

بندر چہارت اور لاؤنج کی سیلنگ پر گھومتا رہا، ائملڈ لائٹ حکام پکڑنے میں ناکام، واپس قرجی جنگل میں چلا گیا

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ڑمنل میں اچانک ایک بندر داخل ہو گیا، جس کی ویڈیو بنانے والے مسافروں نے اس غیر معمولی منظر کی ویڈیو بنا لی۔ بندر کو کمرے کو ہاں موجود مسافر حیران رہ گئے۔ بندر سی کریمنل کی چہت پر تو کبھی لائٹ کی سیلنگ پر گھومتا دکھائی دیا، جنگلی مسافروں نے اس غیر معمولی منظر کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی، جس کے بعد (باقی صفحہ 4 نمبر 4)

پاکستان سے جنگ دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ جلد کرونگا، ٹرمپ

ایران امریکی منظوری کے بغیر جوہری پروگرام سے متعلق کچھ نہیں کر سکتا، امریکی انتخابات میں جنگی دھماکہ ہی ہوتے ہیں اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، صدر ٹرمپ کی صحافیوں سے گفتگو

ٹرمپ کا ایران پر 9 نومبر کو دوبارہ حملوں کا امکان، سینٹرل کمانڈ بڑی کارروائیوں کے مکمنہ دوبارہ آغاز کیلئے تیاریاں کر رہی ہے، امریکی میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (بی زیبائے ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیوں دوبارہ شروع کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ جلد کریں گے، ایران امریکی منظوری کے بغیر جوہری پروگرام سے متعلق کچھ نہیں کر سکتا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے قومی سلامتی کے مشیروں سے ملاقات کی ہے جس میں ایران کے خلاف ممکنہ نئے حملوں، معاشی دباؤ، قرارداد رکھنے اور جنگ ختم کرنے کیلئے ثالثی معاہدے کے امکانات پر غور کیا گیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ اور ان کے اعلیٰ قومی سلامتی کے مشیروں سے امریکی وسط مدتی انتخابات سے قبل پہلی مرتبہ ایران کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا، یہ ملاقات صدر کے وہائٹ ہاؤس کے علاقے کیلیفورنیا میں واقع صدارتی گولف کلب میں ہوئی، دوسری جانب ایران نے بھی اس کی تردید کی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اراکین پارلیمنٹ کیلئے گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر مقرر

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) اراکین پارلیمنٹ و صوبائی اسمبلی کیلئے مالی سال 2025-26 کے 4 ماہ کے اثاثہ جات و واجبات کے گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر مقرر کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

جمعیت امام نورانی کے صوبائی انتخابات مکمل، مفتی محمد جان قاسمی صوبائی صدر منتخب

ہے پی پی، پی، فضیلت اور جمعیت علمائے اسلام ف کے پی پی نوشہرہ سنیئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انتخابی پاکٹ بک کے ذریعے صوبائی انتخابات الیکشن کمیٹی کے چیئرمین مولانا عامل کوثر کی اور ڈپٹی چیئرمین مفتی شاہ بخاری کی زیر نگرانی منعقد ہوئے انتخابات نہایت منظم، پرامن اور جمہوری انداز میں ہوئے جس میں صوبے بھر سے ضلعی صدور، جنرل سیکرٹریز اور مرکزی کونسل کے اراکین نے شرکت کی انتخابات کے موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

سلیبلہ فیس: دیکم کر 20 کروڑ کی بینک ڈیکتی کرنے والے تین یونیورسٹی طلبہ گرفتار

کوئٹہ (بی زیبائے ایم) بلوچستان کے ضلع سبیلہ کی پولیس نے ایک سرکاری بینک سے 20 کروڑ روپے سے زائد کی ڈیکتی کے الزام میں تین طلبہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈی پی او سبیلہ ڈاکٹر طیبہ رانی نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ ملزمان کی شناخت ابوبکر، ذوالفقار اور عبدالرحمٰن کے نام سے ہوئی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کا احتساب

اختیارات محدود کرنے کا اعلان، سیاسی کشیدگی اور قانون سازی میں تعطل کا خدشہ

واشنگٹن (بی زیبائے ایم) امریکہ میں وسط مدتی انتخابات میں شامل ڈیموکریٹک پارٹی نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں کا احتساب کرنے اور ان کے اختیارات کو محدود کرنے کا اعلان کر دیا، جس سے ایوانِ نمائندگان اور سینیٹ میں اکثریت حاصل ہو گئی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنما حکیم جیفریز نے ہفتے کے روز کہا کہ ہم نے ٹرمپ کی من مانی کو روکنے کا وعدہ کیا تھا اور ہم نے یہ کر دکھایا ہے۔ ڈیموکریٹس نے بیلٹ میں 54 نشستیں حاصل کر کے اکثریت (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور ترکیہ کے سفیر کی ملاقات

لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی، ویکسین کی مقامی تیاری اور ٹیکنیکل تربیت کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان لائیو سٹاک کے شعبے میں تعاون کے حوالے سے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ وفاقی وزیر برائے رٹ برائے اسٹیبلشمنٹ لائیو سٹاک کا آغاز کر دیا، وزیر نے قومی غذائی تحفظ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر اسٹیٹ لاؤنج کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

وزیر دفاع خواجہ آصف ہیادگاری تختی کی نقاب کشائی کی، شجرکاری بھی کی

اسلام آباد(بی زیبائے ایم) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی ای اے) نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا آغاز کر دیا، وزیر دفاع خواجہ آصف (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رستم خان بگٹی اور زرین خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کا صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کا احتساب

اختیارات محدود کرنے کا اعلان، سیاسی کشیدگی اور قانون سازی میں تعطل کا خدشہ

واشنگٹن (بی زیبائے ایم) امریکہ میں وسط مدتی انتخابات میں شامل ڈیموکریٹک پارٹی نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں کا احتساب کرنے اور ان کے اختیارات کو محدود کرنے کا اعلان کر دیا، جس سے ایوانِ نمائندگان اور سینیٹ میں اکثریت حاصل ہو گئی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنما حکیم جیفریز نے ہفتے کے روز کہا کہ ہم نے ٹرمپ کی من مانی کو روکنے کا وعدہ کیا تھا اور ہم نے یہ کر دکھایا ہے۔ ڈیموکریٹس نے بیلٹ میں 54 نشستیں حاصل کر کے اکثریت (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ایکسن ٹریپل کا بی بی آے 16 دیامر 2، تھور کے 3 پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم

بی بی آے سولہ دیامر کو انتخابی عمل میں جنس مشتاق احمد نے آئی پی پی کے امام مالک کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنایا

قلات (بلوچستان ایکسین) قلات بلوچستان الیکشن کمیشن کے چیئرمین جسٹس (ر) محمد اسلم خان خٹک کے حکم پر ضلع قلات کے حلقہ پی بی 16 قلات کے تحت ہونے والے صوبائی اسمبلی کے انتخابات کے دوران پریذائیڈنگ آفیسر کی جانب سے مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات پر ایکسن ٹریپل کا بی بی آے سولہ دیامر 2، تھور کے 3 پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم (باقی صفحہ 3 نمبر 21)



کوئٹہ: ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن قلعہ عبداللہ کے صدر حبیب اللہ کاکڑ، جنرل شاہ اللہ کاکڑ اور دیگر وکلا پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ابھتل: قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنانے اور چاردیواری کی پامالی کے خلاف جے یو آئی کا سیلبلہ کا عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ

ابھتل (رپورٹ۔عزیز یوسفزئی) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان مدظلہ العالی کی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنانے کے خلاف جے یو آئی سیلبلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر ابھتل میں جمعیت علمائے اسلام ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

جے یو آئی کی چادر و چاردیواری کی پامالی کے خلاف سیلبلہ کا عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ

پشاور (بی زیبائے ایم) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی ای اے) کے ترجمان کے مطابق ایئرپورٹ پر اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا منصوبہ 3 سال میں مکمل کیا جائے گا۔ اس موقع پر سینیٹر فیصل جاوید خان، وزیر مملکت برائے ہوا بازی وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر دفاع خواجہ آصف، چیئرمین پی ای اے ڈاکٹر عامر احمد خان اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)



ڈوگی ہاؤس تحصیل ہڑی، صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن سردار کامران بنگلزئی اور بیاہ خان ڈوگی اپنے آبائی شہر ڈوگی ہاؤس تحصیل ہڑی میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں